Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14 | منگل، 30 مئی 2023ء 09 ذیقعد 1444ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 45

9 مئی کو ہونے والے واقعات ملکی تاریخ میں پہلے کبھی نہیں ہوئے، جناح ہاؤس پر حملے میں ملوث کسی شخص کو رہا نہیں کیا گیا، محسن نقوی

ابھی تک عمران خان کی نظر بندی کا فیصلہ نہیں ہوا، محسن نقوی

جیل میں خواتین کے ساتھ بدسلوکی کا کوئی واقعہ پیش نہیں آیا، خواتین سے متعلق خبریں بے بنیاد ہیں۔ خواتین سے بدسلوکی بارے پراپیگنڈا کیا جا رہا ہے

حملے کے ذمہ داروں کو سزا ملے گی۔ قبل ازیں وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ تحریک انصاف کے لوگ کلبھوشن سے کم سزاوار نہیں ہیں، ہم کسی گناہ گار کو گرفتار نہیں کریں گے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب نے جیل میں خواتین سے بدسلوکی کی خبروں کی تردید کر دی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کا کہنا ہے کہ ابھی تک عمران خان کی نظر بندی کا فیصلہ نہیں ہوا، جیل میں خواتین کے ساتھ بدسلوکی کا کوئی واقعہ پیش نہیں آیا، خواتین سے متعلق خبریں بے بنیاد ہیں۔ خواتین سے بدسلوکی بارے پراپیگنڈا کیا جا رہا ہے، ماؤں بہنوں کا تحفظ ہماری ذمہ داری ہے۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ 9 مئی کو ہونے والے واقعات ملکی تاریخ میں پہلے کبھی نہیں ہوئے، جناح ہاؤس پر حملے میں ملوث کسی شخص کو رہا نہیں کیا گیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ خدیجہ شاہ پولیس کی حراست میں ہے، ان کی شناخت پریڈ چل رہی ہے۔ جناح ہاؤس پر حملے والے کا خواہ جتنا مرضی اثر و رسوخ ہو اسے چھوڑا نہیں جا سکتا، حملے کے ذمہ داروں کو سزا ملے گی۔ قبل ازیں وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ تحریک انصاف کے لوگ کلبھوشن سے کم سزاوار نہیں ہیں، ہم کسی گناہ گار کو گرفتار نہیں کریں گے، جن کا جرم قابل معافی نہیں ہے انہیں کسی صورت معافی نہیں ملے گی۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ تحریک انصاف کے لوگوں نے ملکی دفاع کو نقصان پہنچایا، یہ کلبھوشن سے کم سزاوار نہیں ہیں، اب عمران نیازی کہتا ہے کہ ہم اس سے مذاکرات کر لیں، اب یہ فوج سے ڈر رہا ہے، اب یہ نئی سکیمیں سوچ رہا ہے، ملکی دفاع کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف فوج کیوں نہ (بقیہ نمبر 1)

9 مئی کے واقعات کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، چودھری شجاعت حسین

ملک میں مہنگائی، بیروزگاری نے عوام کا جینا محال کر دیا ہے، تمام مسائل کا حل ڈائیلاگ سے ہی ممکن ہے، لیاقت بلوچ

لاہور (خصوصی رپورٹر) جماعت اسلامی کے نائب امیر لیاقت بلوچ نے مسلم لیگ (ق) کے صدر چودھری شجاعت حسین سے ملاقات کی جس میں فرید پراچہ بھی موجود تھے۔ لیاقت بلوچ نے چودھری شجاعت حسین سے ان کی رہائش پر ملاقات کی اس دوران انہوں نے (بقیہ نمبر 4)

پارٹی چھوڑنے والے نظریہ ضرورت کے تحت کئی بار پارٹیاں بدل چکے ہیں، شیخ رشید

ملک سرحدوں سے نہیں اندر سے ٹوٹتے ہیں، پاکستان میں چادر اور چار دیواری کی بے حرمتی سے لوگوں کے دل ٹوٹ چکے ہیں

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) سربراہ عوامی مسلم لیگ اور سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ جتنے لوگوں نے پارٹی چھوڑی وہ نظریہ ضرورت کے تحت کئی بار پارٹیاں بدل چکے ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر شیخ رشید کا کہنا تھا کہ ملک سرحدوں سے (بقیہ نمبر 3)

چیف سیکرٹری کو دھمکانے کا کیس، رانا ثنا پر فرد جرم عائد کرنے کا فیصلہ

عدالت نے پولیس کی رپورٹ کو خارج کرتے ہوئے ملزم کے قابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کیے تھے

اسلام آباد (خبر نگار) انسداد دہشتگردی عدالت گوجرانوالہ نے چیف سیکرٹری کو دھمکانے کے کیس میں وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ پر فرد جرم عائد کرنے کا فیصلہ کر لیا، تھانہ انڈسٹریل ایریا گجرات میں وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ کے خلاف انسداد دہشت گردی کے تحت درج (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: چیف جسٹس عمر عطا بندیال سے اٹارنی جنرل منصور عثمان کی اہم ملاقات

سپریم کورٹ میں پنجاب انتخابات کے فیصلے کے خلاف الیکشن کمیشن کی نظر ثانی درخواست پر سماعت غیر معینہ مدت کے لئے ملتوی کر دی گئی

سپریم کورٹ ریویو آف ججمنٹس اینڈ آرڈرز ایکٹ 2023 قانون بن گیا

نئے قانون کے بعد اب نواز شریف اور جہانگیر ترین بھی اب اپیل دائر کر سکیں گے۔ سپریم کورٹ براہ راست مقدمات میں جو بھی فیصلہ کرے گی اس پر اپیل دائر ہو سکے گی

سپریم کورٹ کے نظر ثانی کے قوانین منظور ہو چکے ہیں، سپریم کورٹ کے نظر ثانی کے قوانین کا اطلاق جمعے سے ہوگا۔ صدر مملکت کی منظوری کے بعد نظر ثانی قانون بن چکا ہے

سپریم کورٹ کے ہی فیصلے آرٹیکل 187 کے تحت نظر ثانی کا دائرہ اختیار بڑھانے کی راہ دے رہے ہیں، جج کی جانبداری کا بھی معاملہ اٹھایا گیا ہے۔ کیوریٹیو ریویو کا جو معاملہ آپ نے اٹھایا اس کو بھی دیکھ رہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) سپریم کورٹ ریویو آف ججمنٹس اینڈ آرڈرز ایکٹ 2023 قانون بن گیا۔ صدر پاکستان عارف علوی نے قانون سازی میں حکومت کی مدد کی اور دستخط بھی کیے۔ قانونی ماہرین کا کہنا ہے کہ نئے قانون کے بعد اب نواز شریف اور جہانگیر ترین بھی اب اپیل دائر کر سکیں گے۔ سپریم کورٹ براہ راست مقدمات میں جو بھی فیصلہ کرے گی اس پر اپیل دائر ہو سکے گی اور فیصلہ کرنے والے بنچ سے بڑا بنچ اپیل سنے گا، سپریم کورٹ ریویو ایکٹ صدر کی منظوری کے بعد قانون بن گیا ہے (بقیہ نمبر 5)

عمران کی گرفتاری پر جلاؤ گھیراؤ کیس، دفعات ختم کرنے کی رپورٹ عدالت پیش

لاہور (جنرل رپورٹر) عمران خان کی گرفتاری پر جلاؤ گھیراؤ اور املاک کو نقصان پہنچانے کے مقدمے میں پولیس نے دفعات ختم کرنے کی رپورٹ عدالت میں پیش کر دی۔ تھانہ کھڈیاں قصور میں (بقیہ نمبر 7)

چیف جسٹس کا حکومت کو جارحانہ انداز اختیار کرنے سے گریز کا مشورہ

عدالت کا ذہن کسی قانون کو ختم کرنے کا نہیں، صرف عدلیہ کی آزادی کا تحفظ کریں گے

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے وفاقی حکومت کو جارحانہ انداز اختیار کرنے سے گریز کا مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ حالات جس نہج پر پہنچ چکے سب کو مثبت کردار ادا کرنا ہوگا، عدالت کا ذہن کسی قانون کو ختم کرنے کا نہیں، صرف عدلیہ کی آزادی کا تحفظ کریں گے، جمعرات (بقیہ نمبر 8)

القادر ٹرسٹ کیس: نیب نے شیخ رشید، فواد، پرویز خٹک، اسد عمر کو طلب کر لیا

نیب راولپنڈی نے سابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا پرویز خٹک، سابق وفاقی وزیر اسد عمر کو بھی 31 مئی کو طلب کیا ہے

نیب راولپنڈی کی جانب سے فواد چودھری کو کل 12 بجے نیب کی کمبائنڈ انویسٹی گیشن ٹیم کے سامنے پیش ہونے کا نوٹس جاری کیا گیا ہے

اسلام آباد (نامہ نگار) عمران خان کے خلاف القادر ٹرسٹ کیس میں 19 کروڑ پاؤنڈ کی غیر قانونی منتقلی کے معاملہ پر نیب راولپنڈی نے شیخ رشید، فواد چودھری کو کل جبکہ پرویز خٹک اور اسد عمر کو 31 مئی کو طلب کر لیا۔ شیخ رشید کو کل صبح 11 بجے نیب کی کمبائنڈ انویسٹی گیشن ٹیم کے سامنے پیش ہونے (بقیہ نمبر 6)

لندن: نواز شریف کی رجب طیب اردوان کو ترکیہ کا صدر منتخب ہونے پر مبارکباد

جی ایچ کیو گیٹ پر حملہ عدالت کا ملزموں کی حراست ملٹری حکام کو دینے کا حکم

انسداد دہشت گردی عدالت نے جی ایچ کیو گیٹ پر حملہ میں ملوث ملزموں کی حراست ملٹری حکام کو دینے کا حکم دے دیا

عدالت نے 9 مئی کو پرتشدد احتجاج اور جی ایچ کیو گیٹ پر حملے کے واقعہ میں ملوث 12 ملزمان کو ملٹری کورٹس کے حوالے کرنے کے لئے طلب کر لیا

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) انسداد دہشت گردی عدالت نے جی ایچ کیو گیٹ پر حملہ میں ملوث ملزموں کی حراست ملٹری حکام کو دینے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے 9 مئی کو پرتشدد احتجاج اور جی ایچ کیو گیٹ پر حملے کے واقعہ میں ملوث 12 ملزمان کو ملٹری کورٹس کے حوالے کرنے کے لئے طلب کر

دفعہ 144 خلاف ورزی کیس، علی نواز اعوان اور راجہ خرم کیخلاف کیس کی سماعت 10 جون تک ملتوی

اسلام آباد (خبر نگار) اسلام آباد کی مقامی عدالت نے تفتیشی افسر کی عدم پیشی کے باعث علی نواز اعوان اور راجہ خرم نواز کیخلاف دفعہ 144 کی خلاف ورزی کیس کی سماعت 10 جون تک ملتوی کر دی۔ اسلام آباد کی سیشن کورٹ میں علی نواز اعوان اور راجہ خرم نواز کیخلاف دفعہ 144 کی خلاف ورزی کیس کی سماعت ہوئی، ایڈیشنل سیشن جج سکندر خان نے کیس کی سماعت کی۔ جج سکندر خان نے استفسار کیا (بقیہ نمبر 12)

ویمن ونگ پنجاب کی سینئر وائس پریزیڈنٹ کنیز فاطمہ کا PTI چھوڑنے کا اعلان

9 مئی کے واقعات کی مذمت کرتی ہوں 2010ء سے پی ٹی آئی سے منسلک رہی ہوں

لاہور (اسپیشل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر وائس پریزیڈنٹ، ویمن ونگ پنجاب کنیز فاطمہ نے پارٹی چھوڑنے کا اعلان کر دیا۔ واضح رہے کہ 9 مئی کے روز ملک بھر میں پیش آنے (بقیہ نمبر 10)

بھٹو خاندان نے ہمیشہ ملک و قوم کیلئے قربانیاں دیں، شہلا رضا

آئندہ انتخابات میں پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار رانا جمیل منج کو ووٹ دے کر کامیاب کروائیں

لاہور (جنرل رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی لاہور کے جنرل سیکرٹری رانا جمیل احمد منج کی صوبائی وزیر سندھ اسمبلی شہلا رضا کے ہمراہ مانگا منڈی میں ملک شاہد کی طرف سے منعقد جلسہ کی تقریب میں آمد ہوئی تقریب میں سونیہ خان جنرل سیکرٹری شعبہ خواتین لاہور، حسن رضا، رانا صفدر دلشاد، رانا (بقیہ نمبر 11)

نگران وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے صوبے میں تقرر و تبادلوں پر پابندی لگا دی

اس سلسلہ میں تمام محکموں کے سربراہان، ڈویژنل ہیڈ، کمشنر، ڈپٹی کمشنر اور انتظامی افسران کو مراسلہ ارسال کر دیا گیا ہے

وزیر اعلیٰ کی جانب سے بھیجے گئے مراسلے میں کہا گیا ہے کہ جس محکمے میں کسی افسر کی ضرورت پر یا عدلیہ کے حکم پر پابندی میں نرمی کی سمری مشروط ہوگی

پشاور (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا اعظم خان نے صوبے بھر کے تمام محکموں میں تبادلوں و تقرری پر پابندی عائد کر دی۔ اس سلسلہ میں تمام محکموں کے سربراہان، ڈویژنل ہیڈ، کمشنر، ڈپٹی کمشنر اور انتظامی افسران کو مراسلہ ارسال کر دیا گیا ہے۔ مراسلے کے مطابق صوبے میں کسی بھی محکمے میں بین الاضلاعی تبادلے پر پابندی ہوگی، یہ پابندی بین الاضلاعی ڈائریکٹوریٹ، سیکرٹریٹ کے ملازمین پر عائد نہیں ہوگی۔ وزیر اعلیٰ کی جانب سے بھیجے گئے مراسلے میں کہا گیا ہے کہ جس محکمے میں کسی افسر کی ضرورت پر یا عدلیہ کے حکم پر پابندی میں نرمی کی سمری مشروط ہوگی۔ اس سلسلہ میں تمام محکموں کے سربراہان، ڈویژنل ہیڈ، کمشنر، ڈپٹی کمشنر اور انتظامی افسران کو مراسلہ ارسال کر دیا گیا ہے۔ مراسلے کے مطابق صوبے میں کسی بھی محکمے میں بین الاضلاعی تبادلے پر (بقیہ نمبر 13)

جہانگیر ترین کی عبدالعلیم خان سے ملاقات

ہمیں کوئی پریشر گروپ بنانے کے بجائے نئی سیاسی جماعت بنانی چاہیے، شرکاء کی تجویز

لاہور (اسپیشل رپورٹر) جہانگیر ترین نے نئی سیاسی جماعت بنانے کیلئے کوششیں تیز کر دیں۔ تفصیلات کے مطابق سابق سنیئر وزیر پنجاب عبدالعلیم خان نے جہانگیر ترین اور ان کے ساتھیوں کے (بقیہ نمبر 14)

لاہور: جیلوں میں خواتین سے ناروا سلوک کے معاملے پر قائم کمیٹی کی نگران وزیر اعلیٰ کو بریفنگ

سابق رکن پنجاب اسمبلی راشدہ یعقوب نے بھی پی ٹی آئی چھوڑ دی

9 مئی کے واقعات میں ملوث ملزمان کیخلاف سخت اقدامات عمل میں لانے ہوں گے

جھنگ (خصوصی رپورٹر) جھنگ سے تعلق رکھنے والی سابق رکن پنجاب اسمبلی راشدہ یعقوب نے بھی پی ٹی آئی سے راہیں جدا کرنے کا اعلان کر دیا۔ پاکستان تحریک انصاف کی خاتون رہنما اور (بقیہ نمبر 15)

چیف سیکرٹری کو دھمکیاں دینے کا مقدمہ، رانا ثناء اللہ کو 28 جون کو پیش ہونے کا حکم

گوجرانوالہ (جنرل رپورٹر) چیف سیکرٹری پنجاب اور اہلخانہ کو دھمکیاں دینے کا مقدمہ، عدالت نے رانا ثناء اللہ کو 28 جون کو پیش ہونے کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق گوجرانوالہ کی انسداد دہشت گردی عدالت میں چیف سیکرٹری پنجاب اور اہلخانہ کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے سے متعلق (بقیہ نمبر 16)



کوئٹہ: عدم استحکام پیدا کرنے والی اندرونی اور بیرونی قوتوں کا گٹھ جوڑ بے نقاب ہو چکا: آرمی چیف

2027 تک ملکی معیشت کو سود سے پاک کرنا ہے، گورنر اسٹیٹ بینک

2027 تک ملکی معیشت کو سود سے پاک کرنا ہے، پاکستان نے 2.8 ٹریلین روپے کے اسلامک سکوک بانڈز کا اجرا کر رکھا ہے

گورنر نے کہا کہ پاکستان کے کارپوریٹ بینک سیکٹر کا سائز بہت کم ہے، کارپوریٹ ڈیٹ مارکیٹ میں اضافے کی ضرورت ہے

اسلام آباد (خبر نگار) گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے کہا ہے کہ 2027 تک ملکی معیشت کو سود سے پاک کرنا ہے۔ جمیل احمد نے اسلامک کیپیٹل مارکیٹ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملکی اکانومی کیلئے اسلامک کیپیٹل مارکیٹ سے گروتھ میں بہتری آ رہی ہے، اسلامک کیپیٹل مارکیٹ (بقیہ نمبر 19)

لاہور: 9 مئی کے واقعات کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے: چودھری شجاعت حسین

پانی کا بحران زرعی زمینیں بنجر ہونے لگیں، کاشتکاروں کا صبر جواب دے گیا

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) پانی کا بحران زرعی زمینیں بنجر ہونے لگیں، کاشتکاروں کا صبر جواب دے گیا میرپور خاص روڈ پر دھرنا ٹریفک جام تفصیلات کے مطابق پانی کی مصنوعی قلت کے خلاف ڈگری ریجن کی مریدشاخ کے ٹیل کے کاشتکاروں نے ڈگری تا ٹنڈو جان محمد روڈ پر محمد علی (بقیہ نمبر 20)

تھانہ سٹی فاروق آباد پولیس کی کارروائی 2 ملزمان گرفتار

شیخوپورہ (جنرل رپورٹر) تھانہ سٹی فاروق آباد پولیس کی کارروائی 2 ملزمان گرفتار 5 موٹر سائکلیں اور 100000 روپے نقدی برآمد تفتیش جاری ایس ایچ او تھانہ سٹی ظہیر عالم شاہ کے مطابق ڈی پی او شیخوپورہ زاہد نواز مروت کی خصوصی ہدایت پر (بقیہ نمبر 21)

آئی جی خیبر پختونخوا کا روپوش پی ٹی آئی رہنماؤں کی جلد گرفتاری کا حکم

کامران بنگش، تیمور سلیم جھگڑا اور مشتاق غنی کی گرفتاری کیلئے پولیس ٹیمیں تشکیل دے دی گئیں

پشاور (کرائم رپورٹر) پی ٹی آئی کے روپوش سابق وزراء اور ایم پی ایز کی گرفتاری کا معاملہ، آئی جی خیبر پختونخوا نے صوبے بھر کے ڈی پی اوز کو روپوش افراد کی جلد گرفتاری کا حکم دے دیا۔ میڈیا (بقیہ نمبر 22)

20 مقبوضہ کشمیر کو اپنا ظاہر کرنے کی بھارتی کوشش پاکستان نے ناکام بنا دی

20 کا گروپ یا جی 20، سال 1999 میں قائم کیا گیا تھا، تب اس کا بنیادی مقصد عالمی سطح پر مالیاتی استحکام کو یقینی بنانا تھا

مقبوضہ کشمیر میں جی 20 کانفرنس منعقد کروانے پر پاکستان نے بھارت کو تنبیہ کی تھی کہ ایسا کرنے کے سفارتی نتائج سامنے آئیں گے

لاہور (خصوصی خبر نگار) 20 کا گروپ یا جی 20، سال 1999 میں قائم کیا گیا تھا، تب اس کا بنیادی مقصد عالمی سطح پر مالیاتی استحکام کو یقینی بنانا تھا۔ یہ ایک ایسا بین الاقوامی گروپ تصور کیا جاتا رہا ہے جس کے رکن ممالک کے مرکزی بینکوں کے سربراہان اور وزرائے خزانہ عالمی مالیاتی پالیسیوں کو ترتیب دینے کے علاوہ اقتصادی ترقی کو یقینی بنانے کی کوششیں بھی کرتے رہے ہیں۔ اس گروپ میں دنیا کے 19 ممالک شامل ہیں جبکہ یورپی یونین کو ایک ملک کے طور پر اس میں شامل کر کے اسے "جی 20" کا نام دیا گیا ہے، جی 20 کا مقصد عالمی معیشت کے حوالے سے بنیادی امور پر تبادلہ خیال کرنا اور (بقیہ نمبر 31)

لاہور: عمران خان سے وکلا کی ملاقات، کارکنوں کی رہائی کیلئے قانونی اقدامات سے آگاہ کیا

چیف جسٹس نے گڈ ٹو سی یو کہہ کر مقدمے کی درخواست نمٹا دی

عمران خان دور میں وزیر اعظم کے معاونین کی تعیناتی کے خلاف درخواست کی سماعت سپریم کورٹ میں ہوئی

اسلام آباد (خبر نگار) چیف جسٹس آف پاکستان نے گزشتہ دور حکومت میں تعیناتی سے متعلق ایک مقدمے کی سماعت کے دوران گڈ ٹو سی کہہ کر درخواست نمٹا دی۔ عمران خان دور میں وزیر اعظم کے معاونین کی تعیناتی کے خلاف درخواست کی سماعت سپریم کورٹ میں ہوئی، جہاں چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے سماعت کی۔ عدالت نے غیر مؤثر ہونے پر درخواست نمٹا دی۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ آپ نے جن معاونین کی تعیناتی چیلنج کی ہے، وہ چلے گئے۔ اب اگر ہم اس درخواست پر کچھ کریں گے تو وہ محض اکیڈمک ہوگا۔ درخواست گزار کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ ہم (بقیہ نمبر 18)

پٹرولنگ پولیس کی کارروائیاں، اسلحہ سمیت چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد

چیک ڈس آنر کے مقدمات میں 03 اشتہاری گرفتار، آٹے کے دو ٹرک پکڑ لیے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) پٹرولنگ پولیس راولپنڈی ریجن نے ایس پی محمد بن اشرف کی سربراہی میں جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 02 مسلح 30 بور، ایس ایم جی رائفل کی 240 گولیاں، 08 دن قبل بحریہ ٹاؤن سے چوری ہونے والا موٹر سائیکل، آٹا اسمگل کرنے والے 02 ٹرک پکڑ لیے اور چیک ڈس آنر کے مقدمات میں پولیس کو مطلوب 03 اشتہاریوں کو (بقیہ نمبر 23)

190 ملین پاؤنڈ کا کیس، عمران خان کا نام ای سی ایل میں شامل

بشریٰ بی بی کا نام بھی ای سی ایل میں شامل کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا

پی ٹی آئی کے کل 226 رہنماؤں اور کارکنوں کے نام اس لسٹ میں شامل کیے گئے تھے

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) عمران خان کا نام نو فلائی لسٹ کے بعد ای سی ایل میں شامل کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق 190 ملین پاؤنڈ کے کیس میں چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کا نام ای سی ایل میں شامل کر لیا گیا ہے۔ عمران خان کا نام نیب راولپنڈی کی درخواست (بقیہ نمبر 29)

صحافیوں کے معیشت پر سخت سوالات، اسحاق ڈار غصے میں آ گئے

اسحاق ڈار نے جواب دیا آپ کو جو فیصلہ دینا ہے دے دیں، میں بعد میں دیکھ لوں گا

وزیر خزانہ اسحاق ڈار کا نئے بجٹ اور آئی ایم ایف سے متعلق جواب دینے سے گریز

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) وزیر خزانہ اسحاق ڈار صحافیوں کے معیشت پر سخت سوالات پر غصے میں آ گئے۔ صحافی نے سوال کیا کہ کیا آپ ناکام ہو گئے ہیں؟ کیا آئی ایم ایف معاہدہ نہ ہونا آپ کی ناکامی ہے؟۔ وزیر خزانہ نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ کیا پاکستان ڈیفالٹ ہو گیا ہے۔ ہم نے ہر انٹرنیشنل ادائیگیاں کی ہیں۔ صحافی نے سوال کیا کہ آپ کو پہلی بار مشکل معاشی حالات ملے اور معیشت سنبھال نہیں پا رہے؟۔ اسحاق ڈار نے جواب دیا آپ کو جو فیصلہ دینا ہے دے دیں، میں بعد میں دیکھ (بقیہ نمبر 30)

جیل میں خواتین سے ناروا سلوک کے الزامات پراپیگنڈہ، ماؤں بہنوں کی عزت ہوتی ہے، محسن نقوی

جناح ہاؤس پر حملے میں ملوث کوئی بھی جتنا مرضی اثر و رسوخ والا ہو وہ چھوٹے گا نہیں اور حملہ کرنیوالے ہر ایک کا پورا ٹرائل ہوگا

ساری مائیں بہنیں ہماری اپنی ہیں اور ہم نے ماؤں بہنوں کی عزت کرنا سیکھی ہے، 9 مئی کے واقعات میں 32 خواتین گرفتار ہوئیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے کہا ہے کہ جیل میں خواتین سے ناروا سلوک کے الزامات صرف پراپیگنڈہ ہیں۔ ماؤں بہنوں کی عزت ہوتی ہے، خدارا ایسے الزامات لگانے سے قبل سوچ لینا چاہیئے۔ ساری مائیں بہنیں ہماری اپنی ہیں اور ہم نے ماؤں بہنوں کی عزت (بقیہ نمبر 17)

فاؤنڈیشن اسسٹڈ خان پبلک اسکول میں تعلیم کی اہمیت پر ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا

ڈگری (جنرل رپورٹر) فاؤنڈیشن اسسٹڈ خان پبلک اسکول میں تعلیم کی اہمیت پر ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں برجانند شرما نے بچوں کو تعلیم کی اہمیت پر لیکچر دیا۔ برجانند شرما کا کہنا تھا کہ تعلیم سے لوگوں میں شعور آتا ہے جو لوگوں سے انسان بناتا ہے۔ جو شعور مخلوق خدا کی خدمت کرنا اور دوسروں (بقیہ نمبر 24)

محکمہ بہبود آبادی پنجاب کے زیر اہتمام کمیونیکیشن ایکسپرٹس کے ساتھ انٹریکشن سیشن کا انعقاد

لاہور (خصوصی رپورٹر) محکمہ بہبود آبادی پنجاب کی جانب سے آج کیپٹی روم ڈی جی پاپولیشن میں "ایڈووکیسی کیمپین لیڈنگ ٹو کال فار ایکشن" کے موضوع پر کمیونیکیشن ایکسپرٹس کے ساتھ ایک انٹرایکٹو سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ یہ سیشنز (بقیہ نمبر 27)

دہشت گردی کا مقدمہ، اسد عمر کا راہداری ضمانت کیلئے اسلام آباد ہائیکورٹ سے رجوع

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) دہشت گردی کا مقدمہ، اسد عمر نے راہداری ضمانت کیلئے عدالت سے رجوع کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق سابق وفاقی وزیر اسد عمر کی جانب سے اسلام آباد (بقیہ نمبر 28)

جبر سے نظریات نہیں بدلتے، نفرت بڑھتی ہے۔ قاضی شفیق الرحمان

تمام جماعتیں انتخابات کی بجائے نظام بدلنے کیلئے جدوجہد کریں، غلام علی خان

قوم میں اتحاد و یکجہتی پیدا کرنے کیلئے جدوجہد کو مزید تیز کیا جائے گا، سردار نسیم، سہیل چوہدری

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) پاکستان عوامی تحریک شمالی پنجاب کے صدر قاضی شفیق الرحمان نے کہا ہے کہ جبر سے نظریات تبدیل نہیں ہوتے بلکہ نفرت کی خلیج مزید گہری ہو جاتی ہے، ہمارے ہاں عمارتیں اہم اور انسان غیر اہم ہو چکے، ملکی نظام طاقتوروں کا اور طاقتور اس کے محافظ ہیں، آئین (بقیہ نمبر 25)

انتخابات نظر ثانی کیس سپریم کورٹ میں سماعت کچھ دیر بعد ہی ملتوی

چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) سپریم کورٹ میں پنجاب انتخابات الیکشن کیشن کی نظر ثانی درخواست پر سماعت شروع ہونے کے کچھ دیر بعد ہی ملتوی کر دی گئی۔ چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ اٹارنی جنرل روسٹرم پر آئے تو بینچ پر اعتراض کر دیا۔ اٹارنی جنرل نے موقف دیا کہ سپریم کورٹ ری ویو ایکٹ اب قانون بن چکا ہے اور نئے ایکٹ کے تحت نظر ثانی کا دائرہ کار اب اپیل جیسا ہی ہوگا، اب نظر ثانی کا فیصلہ دینے والے بینچ سے لارجر بینچ (بقیہ نمبر 26)

اسلام آباد: القادر ٹرسٹ کیس: نیب نے شیخ رشید، فواد، پرویز خٹک، اسد عمر کو طلب کر لیا

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Laikaar Rawalpindi

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ترکیہ کے انتخابات

ترکیہ میں ہونے والے صدارتی انتخابات میں کوئی بھی امیدوار 50 فیصد ووٹ حاصل کرنے میں کامیاب نہ ہوسکا۔ آخری اطلاعات تک 95 فیصد حتمی نتائج کے مطابق مسلسل 20 سال سے حکمران صدر طیب اردوان قریباً 49 فیصد جبکہ ان کے مخالف کمال کلیچ اوغلو لگ بھگ 45 فیصد ووٹ حاصل کر سکے۔ آئین کے مطابق جیتنے والا امیدوار اگر 50 فیصد ووٹ حاصل نہ کر سکے تو دو ہفتوں کے اندر اندر دوبارہ پولنگ کرانا ضروری ہے۔ 28 مئی کو رن آف الیکشن کا امکان ظاہر کیا جارہا ہے جس میں زیادہ ووٹ لینے والے دونوں امیدوار مدمقابل ہوں گے۔ انتخابات بڑھتی مہنگائی اور زلزلہ متاثرین کی بحالی کے نعروں پر لڑے گئے۔ ترکیہ کے صدارتی انتخابات میں ہونے والی دوبارہ پولنگ لگ بھگ ایک صدی بعد کسی صدارتی انتخابات میں دوبارہ پولنگ ہوگی۔ ابتدا میں کی گئی گنتی میں صدر اردوان کو 59 ووٹوں کے ساتھ برتری حاصل تھی تاہم جوں جوں گنتی آگے بڑھی یہ برتری کم ہوتی چلی گئی۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ استنبول میں کلیچ اوغلو کو اردوان پر معمولی برتری حاصل رہی تاہم زلزلہ زدہ 11 صوبوں میں سے نو نے اردوان کے حق میں ووٹ دیئے۔ دوسری جانب پارلیمنٹ کی 600 نشستوں کے انتخابات کے لئے بھی پولنگ مکمل ہوچکی ہے جس کے مطابق طیب اردوان کے پیپلز الائنس کو 326 نشستوں کے ساتھ برتری حاصل ہے جبکہ اپوزیشن کا نیشنل الائنس 213 سیٹیں حاصل کر پایا ہے۔ انتخابات کا ٹرن آٹ 89 فیصد رہا، زلزلہ زدہ 11 صوبوں میں کنٹینرز کے اندر پولنگ سٹیشن بنائے گئے تھے، انتخابی عمل انتہائی پرامن ماحول میں مکمل ہوا۔ ترکیہ میں چند ماہ قبل آنے والے شدید زلزلے نے پورے ملک کو ہلا کر رکھ دیا تھا۔ بین الاقوامی جائزوں کے مطابق ترکی کو حالیہ ناگہانی آفت سے پہنچنے والے نقصانات کا اندازہ 20 ارب ڈالر بتایا گیا ہے جو کہ ترکی کی مجموعی قومی پیداوار کا 10 فیصد بنتا ہے۔ اِس ناگہانی آفت کے بعد پورے ملک میں ایمرجنسی نافذ کردی گئی، زلزلہ متاثرین کی بحالی کا عمل تیزی سے جاری ہے اور اس میں حکومت اور بین الاقوامی ادارے مصروفِ عمل ہیں۔ ترکیہ کے زلزلے کے سب سے زیادہ اثرات اِس کی معیشت پر مرتب ہوئے تاہم یہ تمام آفات ومشکلات بھی ترکیہ میں جاری جمہوریت کے تسلسل کو متاثر نہ کرسکیں۔ صدر طیب اردوان نے زلزلہ زدہ صوبوں کی تباہی اور معیشت کا سہارا لے کر انتخابات کو ملتوی کرنے کے بجائے مقررہ تاریخ ہی پر کرانے کا اعلان کیا۔ موجودہ انتخابات کے دوران زلزلے سے متاثرہ صوبوں کے عوام نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ صدارتی امیدواروں کے درمیان کانٹے کا مقابلہ دیکھنے میں آیا تاہم کسی جگہ سے دھاندلی کا شور بلند ہوا نہ لڑائی جھگڑے اور الزامات سے ماحول آلودہ ہوا۔ طیب اردوان ایک فیصد سے بھی کم ووٹوں کی کمی کے باعث صدر منتخب نہ ہوسکے، دونوں امیدواروں نے نتائج کو تسلیم کیا، تمام اداروں نے اپنی آئینی حدود میں رہ کر اپنے فرائض انجام دیئے۔ ترکیہ کے انتخابات بطور قوم ہمارے لئے بھی پیغام لئے ہوئے ہیں جس نظم وضبط کے ساتھ تباہ حال انفراسٹرکچر والے ترک عوام نے انتخابات میں حصہ لے کر اپنے آئینی حق کا استعمال کیا اِس نے ان کے اعتماد اور اعتبار میں اضافہ کیا۔ پاکستانی سیاست دانوں کو اس سے سبق سیکھنے کی ضرورت ہے۔ ہماری سیاسی قیادتوں نے خود کو اناؤں کے ایسے قلعے میں بند کر دیا ہے جس کے دروازے مذاکرات کے لئے بھی نہیں کھل پا رہے۔ 75 سال گزرنے کے باوجود ہم اداروں کو آئین کے دائرے میں رہ کر اپنے فرائض انجام دینے کا پابند نہیں بنا سکے۔ وہ فیصلے جو آئین کے دائرہ کار میں ہو سکتے ہیں ہم انہیں بھی سڑکوں پر کرانے پر بضد ہیں۔ وقت ہاتھ سے نکلتا چلا جا رہا ہے۔ اب بھی وقت ہے کہ ہم خود پر اور ملک پر رحم کریں، حالات کی سنگینی کا ادراک کریں۔ آئندہ انتخابات کی تاریخ پر اتفاق کریں اور ان کے منتقد انعقاد کو یقینی بنائیں۔ جمہوری تسلسل ہی قوموں کے وقار اور اعتماد کی علامت ہے۔ ترکیہ میں ہونے والے صدارتی انتخابات میں کوئی بھی امیدوار 50 فیصد ووٹ حاصل کرنے میں کامیاب نہ ہوسکا۔ آخری اطلاعات تک 95 فیصد حتمی نتائج کے مطابق مسلسل 20 سال سے حکمران صدر طیب اردوان قریباً 49 فیصد جبکہ ان کے مخالف کمال کلیچ اوغلو لگ بھگ 45 فیصد ووٹ حاصل کر سکے۔ آئین کے مطابق جیتنے والا امیدوار اگر 50 فیصد ووٹ حاصل نہ کر سکے تو دو ہفتوں کے اندر اندر دوبارہ پولنگ کرانا ضروری ہے۔ 28 مئی کو رن آف الیکشن کا امکان ظاہر کیا جارہا ہے جس میں زیادہ ووٹ لینے والے دونوں امیدوار مدمقابل ہوں گے۔ انتخابات بڑھتی مہنگائی اور زلزلہ متاثرین کی بحالی کے نعروں پر لڑے گئے۔ ترکیہ کے صدارتی انتخابات میں ہونے والی دوبارہ پولنگ لگ بھگ ایک صدی بعد کسی صدارتی انتخابات میں دوبارہ پولنگ ہوگی۔ ابتدا میں کی گئی گنتی میں صدر اردوان کو 59 ووٹوں کے ساتھ برتری حاصل تھی تاہم جوں جوں گنتی آگے بڑھی یہ برتری کم ہوتی چلی گئی۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ استنبول میں کلیچ اوغلو کو اردوان پر معمولی برتری حاصل رہی تاہم زلزلہ زدہ 11 صوبوں میں سے نو نے اردوان کے حق میں ووٹ دیئے۔ دوسری جانب پارلیمنٹ کی 600 نشستوں کے انتخابات کے لئے بھی پولنگ مکمل ہوچکی ہے جس کے مطابق طیب اردوان کے پیپلز الائنس کو 326 نشستوں کے ساتھ برتری حاصل ہے جبکہ اپوزیشن کا نیشنل الائنس 213 سیٹیں حاصل کر پایا ہے۔ انتخابات کا ٹرن آٹ 89 فیصد رہا، زلزلہ زدہ 11 صوبوں میں کنٹینرز کے اندر پولنگ سٹیشن بنائے گئے تھے، انتخابی عمل انتہائی پرامن ماحول میں مکمل ہوا۔ ترکیہ میں چند ماہ قبل آنے والے شدید زلزلے نے پورے ملک کو ہلا کر رکھ دیا تھا۔ بین الاقوامی جائزوں کے مطابق ترکی کو حالیہ ناگہانی آفت سے پہنچنے والے نقصانات کا اندازہ 20 ارب ڈالر بتایا گیا ہے جو کہ ترکی کی مجموعی قومی پیداوار کا 10 فیصد بنتا ہے۔ اِس ناگہانی آفت کے بعد پورے ملک میں ایمرجنسی نافذ کردی گئی، زلزلہ متاثرین کی بحالی کا عمل تیزی سے جاری ہے اور اس میں حکومت اور بین الاقوامی ادارے مصروفِ عمل ہیں۔ ترکیہ کے زلزلے کے سب سے زیادہ اثرات اِس کی معیشت پر مرتب ہوئے تاہم یہ تمام آفات ومشکلات بھی ترکیہ میں جاری جمہوریت کے تسلسل کو متاثر نہ کرسکیں۔

9 مئی ایک سیاہ باب

محمد علی یزدانی

9 مئی کو پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین باب کہا جارہا ہے تو اس میں کوئی دورائے ہے ہی نہیں کہ یہ پاکستان کی 75 سالہ تاریخ میں ایک تاریک دن تھا جب ایک سیاسی جماعت کے کارکنان نے اپنے رہنما کی گرفتاری پر پاکستان کی فوجی املاک پر حملے کئے، لاہور کے کور کمانڈر کے گھر کو نذر آتش کر دیا) یہ وہ گھر ہے جو قائداعظم محمد علی جناح کا گھر ہے جو انہوں نے اپنی رہائش کیلئے لاہور میں خریدا تھا جو بعد میں ملٹری کے حوالے کر دیا گیا اور پھر کور کمانڈر لاہور کو یہ گھر تفویض کیا گیا(۔ پاکستان میں پہلے بھی متعدد سیاسی رہنما گرفتار ہوئے، سولی چڑھ گئے، شہید ہوئے لیکن کسی سیاسی جماعت کے کارکنان نے اس طرح کی حرکت کا ارتکاب نہیں کیا کہ جس پر دشمن بھی خوشی کے شادیانے بجائے۔ ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی چڑھا دیا گیا لیکن پاکستان پیپلز پارٹی کے کسی سیاسی کارکن نے کسی فوجی تنصیبات پر حملے نہیں کئے، حملے تو کجا کہا جاتا ہے کہ کسی فوجی کی طرف انگلی تک نہیں اٹھائی گئی حالانکہ تب ایک آمر کی حکومت کا وجود تھا۔ پھر اس کے بعد جمعیت اہلحدیث پاکستان کے سربراہ علامہ احسان الٰہی ظہیر کو بم دھماکے میں دشمن قوتوں نے شہید کر دیا، اس وقت علامہ شہید کا جنرل ضیا الحق کی حکومت سے اختلاف تھا اور بعض لوگوں نے اس وقت اس واقعہ کا ذمہ دار اس وقت کی حکومت کو ٹھہرایا لیکن جمعیت اہلحدیث کے کارکنان پورے پاکستان میں نکلے اور پرامن احتجاج کیا کسی املاک کو نذر آتش نہیں کیا اور نہ ہی فوجی تنصیبات کو نشانہ بنایا۔ اسی طرح اس کے بعد بے نظیر اور نواز شریف متعدد بار گرفتار ہوئے جیلوں میں گئے، پیشیاں بھگتیں لیکن ان کے کارکنان نے قانون کو ہاتھ میں نہیں لیا۔ کہنے کا مقصد یہ ہے کہ گرفتاریاں تو سیاسی رہنماں کیلئے ایک اعزاز کی بات سمجھی جاتی ہے اور برصغیر کی سیاست میں تو اس کو سیاسی رہنما ہی نہیں مانا جاتا جو کبھی جیل نہ گیا ہو جس نے گرفتاری نہ دی ہو لیکن تحریک انصاف کے قائد شاید پاکستان کے پہلے سیاسی رہنما ہیں جو نہ صرف جیل جانے سے ڈرتے ہیں بلکہ اپنے کارکنان کو اکساتے بھی ہیں کہ ان کی گرفتاری پر ملک بھر میں نکلیں یہ جہاد کا وقت ہے اور بعد میں اپنے کارکنان سے ہی لاتعلقی اختیار کر لیتے ہیں۔ جس طرح کی حرکت نو مئی والے دن ہوئی ہے اس پر اگر بھارت کے میڈیا پر نظر ڈالیں تو وہاں خوشی کا سماں ہے اور پاک آرمی کے خلاف اداریے لکھے جا رہے ہیں اور خوشی منائی جارہی ہے کہ جو کام بھارت نہیں کر سکا ایک سیاسی جماعت کے کارکنان نے کر دکھایا ہے۔ نو مئی کے دن جو ہوا اس کے بعد ہمارے ریاستی اداروں کو بھی ہوش سے کام لینا چاہئے اور نرمی کا مظاہرہ چھوڑ دینا چاہئے کیوں کہ اگر آج ان لوگوں کو چھوٹ دی گئی تو کل کو یہ ایک طریقہ کار بن جائے گا کہ فوجی تنصیبات پر حملے کرو، کور کمانڈر کے گھر کو نذر آتش کرو، ایم ایم اعالم کے جہاز کو جلا، جی ایچ کیو کے گیٹ کو توڑ دو اور آرام سے گھر جا کر سو جا کوئی بھی آپ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔

متشدد سوچ کی جماعتیں

ندیم اختر ندیم

آر آر ایس ایس) راشٹریہ سوائم سیوک سنگھ (بھارت کی ایک ہندو تنظیم ہے جو خود کو قوم پرست قرار دیتی ہے لیکن تاریخ شاہد ہے کہ یہ کتنی بڑی دہشت گرد جماعت ہے جو فرقہ وارانہ فسادات میں سب سے آگے ہے تقسیم سے قبل بھی برطانیہ نے اس تنظیم کی متشدد سوچ کے پیش نظر اس پر پابندی لگائی اور تقسیم کے بعد بھی تین بار بھارت کی حکومت نے اس تنظیم کو ممنوعہ قرار دیا۔ دوسری جنگ عظیم کے دوران یہ جماعت یہودیوں کے بارے میں ایڈولف ہٹلر اور مسولینی کے نسل پرستانہ رویئے کی معترف رہی اور یہودیوں کی ایک الگ ریاست کی بھی زبردست حامی رہی۔ اسی تنظیم کے ایک رکن نے گاندھی کو قتل کیا نہرو واضح طور پر اور برملا اس تنظیم کی سوچ کو منفی قرار دے چکے ہیں جن کی سوچ نازیوں سے متشابہ ہے اس تنظیم کی اپنی فوج ہے جو بھارت سمیت دنیا کے کئی ممالک میں پھیلی ہوئی ہے بھارت اور مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فوج کے ساتھ مل کر اس تنظیم کے کارکن مسلمان بیٹیوں کی عصمتوں کو پامال کر رہے ہیں اور مسلم نوجوانوں کو سرعام قتل کیا جاتا ہے نریندر مودی جب آٹھ سال کا بچہ تھا تو وہ اس تنظیم کا رکن رہا یہی وجہ ہے کہ آج مودی اپنی تنظیم کی پالیسیوں پہ عمل پیرا ہے ایسی دہشت گرد تنظیم اپنے ملک کے باسیوں اور دوسروں میں کوئی تفریق کئے بغیر بے گناہوں کا خون بہاتی ہے جس سے شائد ان کی شیطانی طبیعت کی کیفیت بدلتی ہے جس سے اسے قرار ملتا ہے جیسے کوئی جانور چیر پھاڑ سے سکوں پاتا ہے ایسے ہی اس جماعت کے کارکنوں کو معصوموں کا خون بہا کر تسکین ملتی ہے ایسی جماعتیں دنیا میں اپنے غلط موقف کو درست ثابت کرنے میں ہمیشہ ناکام رہتی ہیں لیکن اپنے موقف سے پیچھے بھی نہیں ہٹتیں اور سمجھتی ہیں کہ وہ درست ہیں 27 ستمبر 1925 کو بننے والی اس تنظیم کی تقریباً سو سالہ تاریخ اس کے فرقہ وارانہ فسادات اور مسلم بے گناہوں کے قتل عام کی گواہ ہے ایسی جماعت کوئی بھی ہو دنیا میں انتہا پسند جماعت کے نام سے جانی جاتی ہے میرے پیارے وطن پاکستان میں بھی ایک جماعت ہے جو سیاسی انتہا پسندی کو پہنچ چکی ہے جس کا چیئرمین سوچتا ہے کہ وہ جو کر رہا ہے وہ درست ہے باقی سب غلط ہے، حالانکہ درست اور غلط کا فیصلہ کوئی بھی شخص خود نہیں کر سکتا اس کے لئے ایک پیمانہ مقرر ہے کے وقت کے ترازو پر جس کے کردار۔ اخلاق اور ملکی وملی خدمت کا پلڑا بھاری ہو وہی سرخرو ہوتا ہے پاکستان میں اس جماعت کے چیئرمین کی تاریخ گواہ ہے اس نے آج تک جو کہا کہہ کے پھر گیا اور نہ صرف پھر گیا بلکہ اپنی ہی بات سے پھر جانے کو اس نے درست قرار بھی دے دیا اس جماعت کے اقتدار میں آنے سے پہلے۔ اقتدار میں رہتے ہوئے اور اقتدار سے محرومی کے بعد اسکے چیئرمین نے جو کیا جو کہا وہ ٹھیک ہے کہ نہیں اسکا فیصلہ بھی وقت پر رکھتے ہیں، لیکن 9 مئی کو اس جماعت کے چیئرمین کی نیب کی جانب سے گرفتاری پر پاکستان میں اسکے کارکنوں کی طرف سے جو حشر اٹھایا گیا وہ ایسے ہی جیسے آر ایس ایس کی منفی سوچ سرحدیں پھلانگتی ہوئی ان کارکنوں میں آ پہنچی ہے آپ سوچئے کون اپنی ماں کی چھاتی سے چادر چھین کر اسے سر بازار رسوا کرتا ہے؟ 9 مئی کو ایسا ہی تو ہوا ہے کہ میری دھرتی ماں کے سینے پر جو ظلم کی تاریخ رقم کی گئی سب نے دیکھا۔ افغانستان کے شہروں کابل اور مزار شریف کے رہائشیوں کو پاکستان پر حملہ آور ہونے کے لئے لایا گیا یہ بات بھی یاد رہے کہ انگلینڈ میں میرے ملک کی اسی جماعت کے کارکنوں کے ساتھ مل کر بھارت کے شہریوں نے افواج پاکستان اور پاکستان کے خلاف نعرے بازی کی اور 9 مئی کو بھارت کے پاکستان کے خلاف دیکھے جانے والوں خوابوں نے تعبیر پائی کہ فوجی تنصیبات پر حملے تو دشمن کا کام ہے ہم وطن تو ایسا نہیں کرتے، لیکن صد افسوس میرے ہم وطنوں کو اس گھناؤنے جرم کے ارتکاب پر اکسایا گیا انہیں پاکستان کے خلاف کھینچ کر میدان میں لایا گیا اور لانے والوں کی فوج بھی سب کے سامنے ہیں سب نے انہیں دیکھا سب نے سنا سکولز تو دہشت گرد جلاتے ہیں ایمبولینسوں کو آگ بھی کوئی ہم وطن نہیں لگا سکتا سینکڑوں مویشیوں کو زندہ جلانا بھی کسی نارمل آدمی کا کام نہیں اور تو اور پاک فضائیہ کے ہیرو ایم ایم عالم کا طیارہ جلا دیا گیا جس نے دشمن کے پانچ جہاز مار گرائے۔ جی ایچ کیو اور جناح ہاس پر یلغار بھی ملک دشمنوں کا کام ہے ایک محبِ وطن پاکستانی کی ایسا سوچتے ہوئے بھی روح کانپ اٹھے لیکن ان ظالموں کے تو ہاتھ بھی نہیں کانپے قیام پاکستان کے بعد پہلی بار ایسا ہوا ہے کہ پاکستان کے لئے جانیں قربان کرنے والوں کی توہین کی گئی ہے یہ کلپ بھی سوشل میڈیا پر گردش کر رہا ہے کہ کیپٹن کرنل شیر خان شہید نشانِ حیدر جس نے 5 دن بھوک پیاس کو برداشت کرتے ہوئے کارگل پوسٹ پہ پورے انڈین آرمی ڈویژن کے بڑھتے قدموں کو روکے رکھا اس عظیم شہید کے جسد خاکی کو جب کارگل سے نیچے اتارا گیا تو انڈین کور کمانڈر نے لاش مسخ کرنے اور توہین کرنے سے روکا اور گھر سے چندن منگوا کر شیر خان کی داڑھی پہ لگایا اور ایک پرچی شیر خان شہید کی جیب میں ڈال دی جس پر لکھا تھا میں بطور انڈین کور کمانڈر پاکستان حکومت کو ریکمنڈ کرتا ہوں کہ اس بہادر جوان کو نشان حیدر سے نوازا جائے۔ اس بہادر شہید سپوت کے مجسمے کا سر پی ٹی آئی کے فالورز جدا کر کے بے شرمی سے مجسمے کے ٹکڑے کرتے ہیں۔ انڈین نیشنل میڈیا اسے ویل ڈن پی ٹی آئی ویل ڈن خان صاحب کہتا ہے تو اور کیا پیچھے رہ جاتا ہے؟ پیچھے اب یہی رہ جاتا ہے کہ خدانخواستہ انڈیا پاکستان پر حملہ کردے تو پی ٹی آئی کے ورکر بھارتی فوج کے شانہ بشانہ ہوں اور ان ورکرز کی حقیقت کو بھی لوگ جانتے ہیں کہ جب اس جماعت کے دھرنوں میں رنگین افسانوں نے جنم لیا، لیکن ان افسانوں کے ذکر کا کالم متحمل نہیں ہو سکتا۔

ٹیکنالوجی اور نوجوان نسل کی تربیت۔

تحریر۔ احتشام خٹک

بچپن میں ایک کاہل آدمی کا قصہ بزرگوں سے سنا تھا۔ جس کی خواہش تھی کہ اس کا ہر کام بیٹھے بیٹھے ہوجائے، اسے خود سے اٹھ کر کچھ نہ کرنا پڑے۔ اس کے باپ نے اس کو ایک ایسی مشین بنا کر دی جس میں صرف بٹن دبانے سے ہر کام ہوجاتا تھا۔ اس کاہل شخص نے مشین کی ساری خوبیاں جاننے کے بعد کہا کہ یہ بٹن کون دبائے گا۔ آج ہم ایسے ہی دور سے گزر رہے ہیں۔ ہم نہیں چاہتے کہ انٹرنیٹ /سوشل میڈیا پر موجود کسی خبر کی تصدیق کی جائے اور مصدقہ خبر شیئر کی جائے۔ بلکہ ہم ہر خبر کو بنا تصدیق کیے دھڑا دھڑ شیئر کرتے ہیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے۔ کہ عام طور پر لوگ انٹرنیٹ کے فوائد سے تو واقف ہوتے ہیں۔ لیکن اس کے تاریک پہلو بہت کم لوگ جانتے ہیں۔ انٹرنیٹ آن لائن خطرات ایک چیلنج بن چکا ہے۔

نبی اکرم صلی علیہ والہ وسلم کا فرمان ہے، آدمی کے جھوٹا ہونے کے لیے یہ بات کافی ہے کہ وہ ہر سنی سناءبات کو آگے بیان کردے) مسلم۔(

اسی طرح ایک قرآنی آیت ہے جس کا ترجمہ ہے:

"اے ایمان والو اگر تمہارے پاس کوء فاسق خبر لائے تو خوب تحقیق کرلیا کرو) ایسا نہ ہو(کہ تم کسی قوم کو لاعلمی میں تکلیف پہنچا بیٹھو اور پھر تم اپنے لیے اس پر پچھتا۔

بچوں اور نوجوانوں کی تعلیم و تربیت اور موجودہ دور کی ٹیکنالوجی کے مثبت ومنفی اثرات کے حوالے سے کچھ سوالات پیش کیے گئے ہیں جن کے جوابات تلاش کرنا از بس ضروری اور ناگزیر ہے۔ یہ سوالات بھی ایسے ہیں کہ آپس میں اسباب ونتائج کے لحاظ سے جڑے ہوئے ہیں. بچوں اور نوجوانوں میں انٹرنیٹ کا استعمال کیسے کیا جائے اور اس کی نگرانی کیسے کی جائے؟

انٹرنیٹ پر موجود مستند وغیر مستند معلومات کے سمندر میں گمراہ کن دینی و اخلاقی مواد سے نوجوان نسل کو کیسے بچایا جائے؟

فیک نیوز ومعلومات کی پہچان کیسے کی جائے اور اس کے پھیلاء سے کیسے روکا جائے؟

قرآن وسنت کی روشنی میں اس حوالے سے اسلامی اقدار کی پہچان کیسے کروائی جائے؟

بحیثیت مسلمان یہ ہمارا ایمان ھے۔ کہ اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ھے۔ اس کے رہنما اصول نہ صرف مسلمانوں بلکہ پوری انسانیت کے لیے مفید اور کارگر ہیں۔ آج اس ٹیکنالوجی کے دور میں بے حیاء اور عریانیت ہماری زندگی میں دراندازی کرتی رہتی ھے۔ لہذا یہ سمجھنا ضروری ھے۔ کہ پاکستان میں لاکھوں انٹرنیٹ صارفین جن میں کثیر تعداد نوجوانوں کی ہے آن لائن ایسے مواد کا شکار ہورہے ھیں۔ یا ہو سکتے ھیں۔ جو بعد میں سنگین جرائم کے ارتکاب کا موجب بن سکتے ھیں۔ ایسا غیر اخلاقی مواد نہ صرف غیر قانونی کام کرنے بلکہ گھناونے سائبر کرائمز میں ملوث ہونے کا سبب بنتے ھیں۔ اور ایسے نوجوانوں کی تعداد میں بتدریج اضافہ دیکھنے کو ملتا ھے۔ جس کے معاشرے پر اثرات تباہ کن ہوسکتے ھیں۔ ٹیکنالوجی کے اس جدید دور میں ہم اگر چہ اپنے نوجوانوں /نءنسل کو انٹرنیٹ /سوشل میڈیا کے استعمال سے محروم تو نہیں رکھ سکتے تاہم ہم ان کی آن لائن سرگرمیوں پر نظر رکھتے ان کو بہتر راہنماء ضرور کر سکتے ھیں۔

خالقِ انسانیت انسانی فطرت کے مطابق تین ذرائع سے انسان کی تربیت کرتے ہیں!

ایمان

اخلاق

قانون) سزاوجزا(

اور انہی تین پہلوں سے تربیت کرنے کے لئے والدین، اساتذہ اور معاشرے وحکومت کے بااثر وبااختیار افراد وادارے ذمہ دار ہوتے ہیں.

والدین) گھر ومحلہ میں (اور اساتذہ کرام) مسجد و مدرسہ و تعلیمی اداروں میں (اخلاص و محبت اور باہمی اعتماد کے ذریعے بچوں اور نوجوانوں میں قرآن وسنت کی روشنی میں شعوری ایمان پیدا وپختہ کرتے ہیں اور اس پر عامل رہنے کے لیے کڑی نگرانی بھی کرتے ہیں تب کہیں جا کر مثبت وکامیاب نتائج حاصل ہوتے ہیں اور یہ ایک ہمہ وقتی کام وذمہ داری ہے. دوسری جانب معاشرے کے اجتماعی ادارے اور حکومت کے بااختیار ادارے اور حکمران طبقات ایسا سازگار، صاف ستھرا ماحول فراہم کرتے ہیں جہاں ایمان و اخلاق نشوونما اور ترقی پاکیں اور گمراہ کن ونقصان دہ عوامل کا قلع قمع کیا جا سکے. بچوں اور نوجوان نسل کو تعلیم وتربیت، قرآن وسنت کی تعلیم، سلف صالحین کی تعبیر وتشریح کی روشنی میں، متقی و ماہر اساتذہ کرام کے ذریعے دی جائے تاکہ ان کو اچھائی و برائی میں پہچان کا مستند پیمانہ ہاتھ آ جائے اور وہ اس پیمانے کے ذریعے انٹرنیٹ پر موجود مستند وغیر مستند معلومات کے جنگل میں مستند علم کی پہچان آسانی کے ساتھ کر سکیں. ساتھ ساتھ مسلکی وفقہی تعصبات سے بھی سختی کے ساتھ بچایا جائے تاکہ ان میں وسعت نظر پیدا ہو اور معاشرے میں باہمی تعاون، محبت اور رواداری بھی پیدا ہو. ٹیکنالوجی کی ترقی کے ساتھ ساتھ شرو فساد کی قوتوں کو بھی بہت سی آسانیاں فراہم ہوگئی ہیں انسان کے ایمان واخلاق کے بہت سے مرئی اور غیر مرئی حفاظتی حصار ایک ایک کرکے ٹوٹتے جا رہے ہیں. اب شرو فساد کی قوتیں بیڈروم کے اندر تک بغیر کسی رکاوٹ کے رسائی حاصل کر چکی ہیں. ایسے میں یہ ناگزیر ہو چکا ہے کہ اب انسان کے دل ودماغ پر شرو فساد کی قوتوں کو نقب لگانے سے بچائے کے لئے شعوری ایمان کو انتہائی پختہ اور مضبوط کیا جائے. والدین اور اساتذہ کرام پوری یکسوئی، ذمہ داری، اخلاص ومحبت کے ساتھ اپنے بچوں کی ایمانی واخلاقی تربیت کریں. ان میں اعتماد پیدا کریں کہ وہ اپنی تمام سرگرمیاں آپ سے شیئر کریں، جہاں مشکل یا گمراہی کا خطرہ محسوس کریں وہاں آپ سے رہنمائی حاصل کریں تاکہ بچے اور نوجوان انٹرنیٹ کا مثبت استعمال کرکے کامیاب انسان بنیں اور اپنے دور کے ساتھ چل سکیں اور نقصان دہ چیزوں سے بچ سکیں.

جہاں تک فیک نیوز کا تعلق ہے آج کے انسانی معاشرے فیک نیوز کی وجہ سے گمراہی اور فساد سے بھر چکے ہیں. سچ اور جھوٹ، صحیح اور غلط، جائز وناجائز کی پہچان انتہائی پیچیدہ اور مشکل کر دی گئی ہے. اس چیز میں ٹیکنالوجی کے غلط اور منفی استعمال کا بہت بڑا حصہ ہے۔ کسی بھی خبر کی جانچ کے لیے دو چیزیں بنیادی حیثیت رکھتی ہیں

خبر کا مضمون

خبر دینے کا ذریعہ

اس بارے میں قرآن کی ہدایات واضح ہیں کہ جھوٹ سے اجتناب کریں اور ہمیشہ سچ بات کریں. دوسری جانب خبر کے ذریعے کے بارے میں ارشاد ہے کہ اگر آپ کے پاس کوئی فاسق اور فاجر کوئی خبر لے کر آئے تو مناسب جانچ پڑتال اور تصدیق کے بغیر ہرگز اس پر عمل نہ کریں اور نہ ہی آگے پھیلائیں تاکہ خود بھی نقصان سے بچ جائیں اور دوسروں کو بھی بچائیں. اس لئے کوئی بھی خبر آگے پھیلانے اور شیئر کرنے سے پہلے یہ دیکھنا لازم ہے کہ یہ خبر سچ ہے یا جھوٹ؟ نقصان دہ ہے یا مفید؟ اس میں جعل سازی تو نہیں ہوئی؟ سچ اور جھوٹ کی ملاوٹ تو نہیں کی گئی ہے؟ اسی طرح خبر دینے والے ذریعے کے مفادات، تعصبات اور محبات تو اس خبر میں نہیں بول رہے؟ اس نے کسی واقعہ پر اپنے مفادات، تعصبات یا محبات کے رنگ تو نہیں چڑھائے؟ یہ ساری جانچ پڑتال کسی بھی خبر کے سچ یا جھوٹ ہونے کی حقیقت کھولتی ہے. ایسی فیک خبریں جن کا حقیقت سے کوئی تعلق نہ ہو۔ ایسے معاملات میں بہت سے لوگ کسی بھی غلط / من گھڑت خبر، حتی کہ غیر تصدیق شدہ مذہبی معلومات کو شیئر کرنے کے سنگین نتائج سے بالکل بے خبر ہیں۔ ایسی خبر کو جانچنے کیلیے ضروری ھے۔ کہ دی گء معلومات کو ہر اینگل سے پرکھا جاے۔ مختلف ذرائع سے اس کی تصدیق کی جاے۔ کیا یہ خبر حالات سے مطابقت رکھتی ھے۔ کیا اس خبر کی کوی تاریخ واضح ھے۔ کیا اس کی ترتیب مکمل ھے۔ اس کے علاوہ بھی بہت سارے آن لائن ذرایع سے تصدیق کی جاسکتی ھے۔ جو کرنی چاہیے اور اس کیلیے PTA کی خدمات بھی آن لائن لی جا سکتی ھیں۔ جو ہمہ وقت اپنی عوام کو راہنماء فراہم کرتا ھے۔

SPORTS سپورٹس

نیوٹرل وینیو پر بھارت کے ساتھ ٹیسٹ سیریز کھیلنے کیلئے تیار ہیں، نجم سیٹھی

بھارت کے ساتھ آسٹریلیا میں ٹیسٹ سیریز کھیلنے کیلئے تیار ہیں

لاہور (خبرنگار) چیئرمین پی سی بی مینجمنٹ کمیٹی نجم سیٹھی نے کہا ہے پاکستان کرکٹ بورڈ کسی نیوٹرل وینیو پر بھارت کے ساتھ ٹیسٹ سیریز کھیلنے کیلئے تیار ہے۔ غیر ملکی میڈیا کو دیے گئے انٹرویو میں پی سی بی مینجمنٹ کمیٹی کے چیئرمین نجم سیٹھی نے کہا کہ بھارت کے ساتھ آسٹریلیا میں ٹیسٹ سیریز کھیلنے کیلئے تیار ہیں، پاک بھارت ٹیسٹ سیریز انگلینڈ اور جنوبی افریقہ میں بھی ہوسکتی ہے۔ نجم سیٹھی نے کہا کہ پاک بھارت سیریز کیلئے پہلا آپشن انگلینڈ اور دوسرا آسٹریلیا ہوگا، آسٹریلیا میں ہاس فل ہوسکتا ہے، آسٹریلیا کو بھی ہم نے نیوٹرل وینیو کے طور پر رکھا ہے، میلبرن اور سڈنی میں پاکستانی اور بھارتی کمیونٹی بڑی تعداد میں رہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال میلبرن میں ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں 90 ہزار شائقین نے پاک بھارت میچ دیکھا تھا، بھارت کے ساتھ ٹیسٹ سیریز کا آئیڈیا گزشتہ سال بھی خبروں کی زینت بنا تھا، پاکستان اور بھارت کے درمیان آخری بار ٹیسٹ میچ دسمبر 2007 میں کھیلا گیا تھا۔ نجم سیٹھی کا مزید کہنا تھا کہ ایشیا کپ کیلئے بھارت کو ہائبرڈ ماڈل دے چکے ہیں، اب ورلڈ کپ اور چیمپئنز ٹرافی کو بچانے کیلئے آئی سی سی کو آگے آنا ہوگا۔ پاک بھارت ٹیسٹ سیریز انگلینڈ اور جنوبی افریقہ میں بھی ہوسکتی ہے۔

بھارتی کرکٹ بورڈ ایشیا کپ پاکستان میں نہ کھیلنے کی ضد پر قائم

کھلاڑیوں کی انجریز کا خطرہ مول نہیں لے سکتے: بھارتی بورڈ آفیشل

لاہور (سپورٹس نیوز) بھارتی کرکٹ بورڈ کے ایک عہدیدار نے کہا ہے کہ ہم چاہتے ہیں ایشیا کپ نیوٹرل وینیو پر کھیلا جائے اور یہ وینیو متحدہ عرب امارات نہ ہو۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بھارتی کرکٹ بورڈ کے عہدیدار نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ پورا ٹورنامنٹ شفٹ ہو یہ پاکستان میں سیاسی تناؤ کی وجہ سے سب کی سیکیورٹی کے لیے ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے مؤقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے، یواے ای میں بہت گرمی ہے، کھلاڑیوں کی انجریز کا خطرہ مول نہیں لے سکتے۔ انہوں نے کہا کہ ایشیا کپ کے لیے نئی تجویز میں نے نہیں دیکھی، اس وقت تک ہم نے ایشیا کپ کے بائیکاٹ کرنے کے بارے میں بات نہیں کی، پہلے ہمیں صورتحال سمجھنے دیں پھر ہم کوئی فیصلہ کریں گے۔ بھارتی کرکٹ بورڈ کے عہدیدار نے کہا کہ سری لنکا ٹورنامنٹ کے لیے بہترین جگہ ہے، تمام 5 ممالک کا ایک پیج پر ہونا ضروری ہے، اس ہفتے اس معاملے پر مزید پیش رفت ہوگی جب ہم دیگر اسٹیک ہولڈرز سے ملیں گے۔ یواے ای میں بہت گرمی ہے، کھلاڑیوں کی انجریز کا خطرہ مول نہیں لے سکتے۔ انہوں نے کہا کہ ایشیا کپ کے لیے نئی

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 30 مئی 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلو کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔

مورخہ 30 مئی 2023 صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، راولپنڈی سٹی سرکل، ڈھوک حسو، میجر مسعود، گلشن آباد، انڈسٹریل، ڈھوک منگلال، کہنہ روڈ فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، ریور گارڈن I&II، سوان گارڈن-II، کہوٹہ سٹی-II، حنیف شہید I&II، طفیل شہید، چرآہ، فراش ٹاؤن، کرپہ فیڈرز، جہلم سرکل، کینٹ، سی ایم ایچ جہلم فیڈرز، صبح 08:00 بجے تا دن 01:00 بجے تک، اٹک سرکل، غور غشتی، ہارہ زی، مسکین آباد، شاہ دیر، ریڈیو پاک-2&1، لارنس پور، قاضی آباد، جی پی ایچ پی کالونی، ٹیکسلا-2&1، شیر شاہ سوری فیڈرز اور گردونواح کی بجلی کی سپلائی معطل رہے گی۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

کارروائی کرے۔ وزیر داخلہ نے مزید کہا کہ اس بے شرم کا کوئی پتہ نہیں کہ یہ آج ہی رات کوئی واقعہ کردے، اللہ نے اس فتنے کو نمایاں کردیا، اس نے ثابت کردیا کہ یہ ایک ملک دشمن انسان ہے، اس نے اس بات کا ثبوت دیا کہ یہ سیاست دان نہیں، اس کے ساتھ ہم کیسے مذاکرات کریں گے؟۔

بقیہ 2

مقدمے پر سماعت ہوئی، رانا ثنا اللہ کے وکیل عبدالماجد عدالت میں پیش ہوئے، وزیر داخلہ کے خلاف اداروں کو دھمکانے اور چیف سیکرٹری کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے پر مقدمہ درج ہوا تھا۔ وکلا کی جانب سے رانا ثنا اللہ کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست دی گئی، عدالت نے درخواست منظور کرتے ہوئے سماعت 28 جون تک ملتوی کردی اور کہا 28 جون کو وفاقی وزیر داخلہ پر فرد جرم عائد کی جائیگی۔ اس سے قبل گجرات پولیس نے مقدمے کو خارج کرکے اخراج رپورٹ عدالت میں جمع کرائی تھی، عدالت نے پولیس کی رپورٹ کو خارج کرتے ہوئے ملزم کے قابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کیے تھے

بقیہ 3

نہیں اندر سے ٹوٹتے ہیں، پاکستان میں چادر اور چاردیواری کی بے حرمتی سے لوگوں کے دل ٹوٹ چکے ہیں، جنہیں جوڑنے کی کوشش کرنی چاہیے، جب قوم حوصلہ ہار جاتی ہے تو ملک سیاسی، معاشی اور اقتصادی طور پر بیٹھ جاتے ہیں۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ جتنے لوگوں نے پارٹی چھوڑی وہ نظریہ ضرورت کے تحت کئی بار پارٹیاں بدل چکے، نواز شریف خود تحریک استقلال اصغر خان رابطہ کمیٹی کے ممبر تھے، دست شفقت ملنے پر گیٹ نمبر 4 سے ایکسائز منسٹری ملی، شہباز شریف کے بارے میں اعجاز الحق کا تبصرہ ہی کافی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بمپر کراپس کہنے والے گندم خریداری کا 30 لاکھ ٹن شارٹ فال بتا رہے ہیں، میری اداروں سے درخواست ہے کہ ملک میں پھیلنے والی افواہوں کا سدباب کریں، ہر افواہ کے پیچھے کوئی سازش چھپی ہوتی ہے، آئی ایم ایف کے بغیر مصنوعی بجٹ تیار کیا جارہا ہے۔ سربراہ عوامی مسلم لیگ نے مزید کہا کہ ہر مسلمان نماز میں شہادت کی دعا مانگتا ہے اور شہادت خوش نصیب کو ہی نصیب ہوتی ہے، پارٹیاں چھیڑنے والے ان کو اس قابل چھوڑیں کہ آنے والے دنوں میں عوام کو منہ دکھانے کے قابل رہیں۔

بقیہ 4

سابق وزیر اعظم چودھری شجاعت سے خیریت دریافت کی، ملاقات میں موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے چودھری شجاعت حسین نے کہا ہے کہ 9 مئی کے واقعات کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، اس وقت تمام سیاستدانوں کو متحد ہوکر ملک کیلئے سوچنا ہوگا۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ ملک میں مہنگائی، بیروزگاری نے عوام کا جینا محال کردیا ہے، تمام مسائل کا حل ڈائیلاگ سے ہی ممکن ہے، سیاسی استحکام کیلئے ضروری ہے کہ الیکشن وقت پر ہوں۔

بقیہ 5

۔آج سپریم کورٹ میں پنجاب میں انتخابات فیصلے کیخلاف الیکشن کمیشن کی نظرثانی درخواست پر سماعت ہوئی۔ دوران سماعت اٹارنی جنرل نے کہا کہ میں کچھ بات کرنا چاہتا ہوں، سپریم کورٹ کے نظرثانی کے قوانین منظور ہوچکے ہیں، سپریم کورٹ کے نظرثانی کے قوانین کا اطلاق جمعے سے ہوگا۔ صدر مملکت کی منظوری کے بعد نظرثانی قانون بن چکا ہے۔ جسٹس منیب اختر نے ریمارکس دیئے کہ نظرثانی قانون سے متعلق سن کر کیل الیکشن کمیشن کے چہرے پر مسکراہٹ آگئی۔ اٹارنی جنرل نے کہا سپریم کورٹ کے اصل دائرہ اختیار آرٹیکل 184 تھری میں نظرثانی کا قانون بنایا گیا ہے۔

بقیہ 6

کا نوٹس جاری کیا گیا ہے، شیخ رشید گزشتہ ہفتے بھی طلبی کے نوٹس کے باوجود پیش نہیں ہوئے تھے۔ نیب راولپنڈی کی جانب سے فواد چودھری کو کل 12 بجے نیب کی کمبائنڈ انویسٹی گیشن ٹیم کے سامنے پیش ہونے کا نوٹس جاری کیا گیا ہے۔ نیب نے شیخ رشید، فواد چودھری کو القادر ٹرسٹ کیس میں بطور گواہ طلب کیا ہے۔ نیب راولپنڈی نے سابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا پرویز خٹک، سابق وفاقی وزیر اسد عمر کو بھی 31 مئی کو طلب کیا ہے۔

بقیہ 7

درج مقدمے میں پی ٹی آئی کے 40 کارکنوں کی درخواست ضمانت پر سماعت ہوئی، پولیس نے مقدمے سے دہشتگردی کی دفعات ختم کرنے کی رپورٹ پیش کر دی۔ تفتیشی افسر کا کہنا ہے کہ مقدمے کی تفتیش کے دوران دہشت گردی کی دفعات فال نہیں کرتیں، وکیل نے کہا مقدمے سے دہشتگردی کی دفعات ختم کردی گئیں ہیں تو ہم اپنی ضمانتیں واپس لیتے ہیں۔

بقیہ 8

کو دوسرے کیس میں عدالت بیٹھے گی، ہم چاہتے ہیں دوسرے فریق کو بھی اس قانون کا پتہ چلے۔ بیرکو چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے پنجاب الیکشن فیصلے کیخلاف الیکشن کمیشن کی نظرثانی اپیل پر سماعت کی۔ دوران چیف جسٹس نے اٹارنی جنرل کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ جارحانہ مزاجی کسی کی مدد نہیں کرتی، گریز کریں۔ اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا کہ سپریم کورٹ ریویو ایکٹ اب قانون بن چکا ہے، اب نظرثانی اپیل فیصلہ دینے والے بنچ سے بڑا بنچ ہی سنے گا اور نئے ایکٹ کے تحت نظرثانی کا دائرہ اختیار اپیل جیسا ہی ہوگا، اب نظرثانی اپیل فیصلہ دینے والے بنچ سے بڑا بنچ ہی سنے گا۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے کہا کہ یہ تو بڑا ہی دلچسپ معاملہ ہوگیا، یہ عدالت عدلیہ کی آزادی کے بنیادی حق کو بھی دیکھتی ہے، آپ اس سے متعلق حکومت سے ہدایت لے لیں۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ جمعرات کو دوسرے کیس میں عدالت بیٹھے گی، ہم چاہتے ہیں دوسرے فریق کو بھی اس قانون کا پتہ چلے، چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ دوسرے فریق کو اس نئے قانون کا پتہ ہے؟ اٹارنی جنرل نے کہا کہ آج علی ظفر نظر نہیں آئے لیکن انہیں سینیٹ سے علم تو ہوگیا ہوگا۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال کا کہنا تھا کہ عدالت کا ذہن کسی قانون کو ختم کرنے کا نہیں، صرف عدلیہ کی آزادی کا تحفظ کریں گے۔ عدالتی اصلاحات کیس جمعرات کو سنیں گے۔ یاد رہے کہ گزشتہ سماعت میں تحریک انصاف نے اپنا جواب جمع کراتے ہوئے کہا تھا کہ الیکشن کمیشن چاہتا ہے سپریم کورٹ نظریہ ضرورت کو زندہ کرے۔ تحریک انصاف نے الیکشن کمیشن کی نظرثانی اپیل مسترد کرنے کی استدعا کی تھی اور کہا کہ نظرثانی اپیل میں الیکشن کمیشن نے نئے نکات اٹھائے ہیں جب کہ نظرثانی اپیل میں نئے نکات نہیں اٹھائے جاسکتے، الیکشن کمیشن نظرثانی اپیل میں نئے سرے سے دلائل دینا چاہتا ہے۔ واضح رہے کہ سپریم کورٹ نے 4 اپریل کو فیصلہ سناتے ہوئے 14 مئی کو پنجاب میں انتخابات کرانے کا حکم دیا تھا، تاہم 14 مئی کی ڈیڈ لائن گزرنے کے باوجود عدالتی حکم پر عملدرآمد نہیں ہوا تھا۔ 21 ارب روپے کی عدم فراہمی عدالتی حکم پر وفاق اور الیکشن کمیشن عملدرآمد نہ کرسکے، اس کے بعد 3 مئی کو الیکشن کمیشن نے عدالتی فیصلے پر نظرثانی درخواست دائر کی تھی۔

بقیہ 9

تھانہ آرائے بازار اور سول لائنز میں درج مقدمات میں نامزد ہیں، جیل حکام کو ملزمان کو ملٹری کمانڈنگ آفیسر کے حوالے کرنے کی ہدایت کی گئی۔ عدالت کی جانب سے ملزمان محمد ادریس، عمر فاروق، راجہ محمد احسان، محمد علی، علی حسین، لعل شاہ، شہریار ذوالفقار، فرہاد خان کو بھی ملٹری کمانڈنگ آفیسر کے حوالے کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ عدالتی حکم کے مطابق ملزمان کا جرم آفیشل سیکرٹ ایکٹ کی دفعہ 3,7,9 کے زمرے میں آتا ہے، انسداد دہشت گردی عدالت راولپنڈی کے جج حامد حسین نے احکامات جاری کیے۔

بقیہ 10

والے افسوس ناک واقعات کے بعد پی ٹی آئی کے رہنماؤں کی جانب سے مذمت اور پارٹی چھوڑنے کا سلسلہ جاری ہے۔ ویمن ونگ پنجاب کنیز فاطمہ نے پارٹی چھوڑنے سے متعلق کی گئی پریس کانفرنس میں کہا ہے کہ 9 مئی کے واقعات کی مذمت کرتی ہوں، 2010ء سے پی ٹی آئی سے منسلک رہی ہوں، میں پی ٹی آئی سے مستعفی ہونے کا اعلان کررہی ہوں۔ کنیز فاطمہ نے کہا ہے کہ کوئی بھی محب وطن پاکستانی ایسے واقعات کو پسند نہیں کرتا، پاکستان ہے تو ہم ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جتنے بھی عہدوں پر رہی ہوں ان سے آج مستعفی ہو رہی ہوں۔ کنیز فاطمہ کا کہنا ہے کہ سیاست فی الحال نہیں کرنا چاہتی، سیاست سے بریک لینا چاہتی ہوں

بقیہ 11

عمران اقبال، بابا شان علی، سمیت مانگلا منڈی کی عوام نے کثیر تعداد میں شرکت کی ہے اس موقع پر صوبائی وزیر سندھ سیدہ شہلا رضا نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بھٹو خاندان نے ہمیشہ ملک وقوم کیلئے قربانیاں دیں مگر جس جماعت کی نو مئی کو شرپسندی کی وجہ سے پورے پاکستانیوں کے سر شرم سے جھک گئے ہیں ایسی شرپسند جماعت کے لیڈر سے کسی بھی قسم کی بات چیت کی کوئی ضرورت نہیں بلکہ ایسی فتنہ اور فساد جماعت کو اس کے انجام تک پہنچانے کی اشد ضرورت ہے

بقیہ 12

کہ تفتیشی افسر کہاں ہیں؟ جس پر وکیل ملزم نے کہا کہ تفتیشی افسر کی موجودگی میں دلائل دینا چاہتے ہیں۔ وکیل نے استدعا کی کہ تفتیشی افسر کی عدم پیشی کے باعث سماعت ملتوی کی جائے، عدالت نے کیس کی سماعت 10 جون تک ملتوی کردی

بقیہ 13

پابندی ہوگی، یہ پابندی بین الاضلاعی ڈائریکٹوریٹ، سیکرٹریٹ کے ملازمین پر عائد نہیں ہوگی۔ وزیر اعلیٰ کی جانب سے بھیجے گئے مراسلے میں کہا گیا ہے کہ جس محکمے میں کسی افسر کی ضرورت پر یا عدلیہ کے حکم پر پابندی میں نرمی کی سمری مشروط ہوگی۔

بقیہ 14

اعزاز میں ظہرانہ دیا، ظہرانہ عبدالعلیم خان کی رہائش گاہ پر دیا گیا جس میں تحریک انصاف سے تعلق رکھنے والے موجودہ اور سابق رہنماؤں نے شرکت کی۔ وزیر اعظم کے معاون خصوصی عون چوہدری بھی ظہرانے میں شریک ہوئے۔ جہانگیر ترین نے عبدالعلیم خان سے ملاقات میں نئی سیاسی جماعت بنانے سے متعلق مشاورت کی۔ میڈیا رپورٹس میں ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا گیا شرکاء نے تجویز دی کہ ہمیں کوئی پریشر گروپ بنانے کے بجائے نئی سیاسی جماعت بنانی چاہیے۔ نئی سیاسی جماعت بنانے سے عوام کے حقوق کا بہتر تحفظ کرسکیں گے، مزید رہنما پی ٹی آئی چھوڑنا چاہتے ہیں انہیں ایک نیا پلیٹ فارم ملنا چاہیے۔ جبکہ عون چوہدری نے بھی نئی جماعت بنانے پر ہی اصرار کیا۔ ذرائع کے مطابق آئندہ دو سے تین روز میں نئی سیاسی پارٹی کا اعلان متوقع ہے، جہانگیر ترین جلد ہی الیکشن کمیشن میں نئی پارٹی کی رجسٹریشن کی درخواست بھی دیں گے۔ دوسری جانب سپریم کورٹ ریویو آف ججمنٹس اینڈ آرڈرز ایکٹ 2023 قانون بن گیا، نئے قانون کے بعد اب نواز شریف اور جہانگیر ترین بھی اب اپیل دائر کرسکیں گے۔ صدر پاکستان عارف علوی نے قانون سازی میں حکومت کی مدد کی اور دستخط بھی کیے۔ قانونی ماہرین کا کہنا ہے کہ نئے قانون کے بعد اب نواز شریف اور جہانگیر ترین بھی اب اپیل دائر کرسکیں گے۔ سپریم کورٹ براہ راست مقدمات میں جو بھی فیصلہ کرے گی اس پر اپیل دائر ہوسکے گی اور فیصلہ کرنے والے بنچ سے بڑا بنچ اپیل سنے گا، سپریم کورٹ ریویو ایکٹ صدر کی منظوری کے بعد قانون بن گیا۔

بقیہ 15

جھنگ سے سابق ایم پی اے راشدہ یعقوب نے بھی عمران خان کا ساتھ چھوڑنے کا اعلان کردیا۔ اپنے بیان میں 9 مئی کے واقعات کی مذمت کرتے ہوئے راشدہ یعقوب نے کہا کہ پرتشدد احتجاج کے بعد پی ٹی آئی میں رہنے کی کوئی گنجائش نہیں، پاک فوج کی قربانیاں کبھی فراموش نہیں کی جاسکتیں۔ پی ٹی آئی سے کنارہ کشی اختیار کرنیوالی خاتون رہنما کا مزید کہنا ہے کہ 9 مئی کے واقعات میں ملوث ملزمان کیخلاف سخت اقدامات عمل میں لانے ہوں گے۔

بقیہ 16

کیس کی سماعت ہوئی، وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ کی جانب سے حاضری سے استثنیٰ کی درخواست کی گئی، عدالت نے رانا ثناء اللہ کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست منظور کر لی، انسداد دہشت گردی عدالت نے آئندہ سماعت پر وزیر داخلہ کو پیش ہونے کا حکم دے دیا، عدالت نے کیس کی سماعت 28 جون تک ملتوی کردی۔ یاد رہے کہ وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ کیخلاف گجرات کے تھانہ انڈسٹریل میں اگست 2022ء میں مسلم لیگ ق کے مقامی رہنما کی مدعیت میں درج کیا گیا تھا، ایف آئی آر میں چیف سیکرٹری پنجاب اور ان کے اہلخانہ کو دھمکیاں دینے کا الزام لگایا گیا۔ یہاں یہ بھی واضح رہے کہ گزشتہ سماعت پر انسداد دہشت گردی عدالت نے گجرات کے تھانہ انڈسٹریل میں درج رانا ثناء اللہ کے خلاف مقدمے میں ان کے قابل ضمانت وارنٹ گرفتاری بھی جاری کیے تھے اور پولیس کو انہیں گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم دیا تھا انسداد دہشت گردی عدالت میں وزیر داخلہ نے حاضری سے استثنیٰ کی درخواست بھی دائر کی تھی۔ گجرات پولیس نے اخراج مقدمہ کی رپورٹ عدالت میں جمع کروائی تھی تاہم عدالت نے پولیس کی رپورٹ خارج کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ کے وارنٹ گرفتاری جاری کیے۔ عدالت نے تفتیشی افسر، متعلقہ ڈی ایس پی اور ایس پی انویسٹی گیشن کو شوکاز نوٹس جاری کرتے ہوئے کو ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کا بھی حکم دیا تھا۔

بقیہ 17

کرنا سیکھی ہے۔ 9 مئی کے واقعات میں 32 خواتین گرفتار ہوئیں اور ان میں سے 11 خواتین جوڈیشل ریمانڈ پر لیڈیز جیل میں ہیں اور ان خواتین کے ساتھ جیل میں لیڈیز سٹاف ہوتا ہے۔ کبھی جیل میں اس طرح کا واقعہ پاکستان کی تاریخ میں نہیں ہوا، کیمرے بھی لگے ہوئے ہیں اور ہماری مانیٹرنگ ٹیمیں بھی ہیں۔ وہ رات گئے سمن آباد انڈر پاس پراجیکٹ کے دورے کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے تھے۔ نگران وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ ماؤں بہنوں کو تحفظ فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ خدانخواستہ پنجاب میں کوئی بھی ایسا واقعہ رونما ہو تو جب تک میں موجود ہوں اس وقت تک ماؤں بہنوں کو تحفظ فراہم کرنا میری ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ جناح ہاؤس پر حملہ کرنے والوں کو ہر صورت گرفتار کر رہے ہیں۔ میں واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ جناح ہاؤس پر حملے میں ملوث کوئی بھی بچتا مرضی اثر ورسوخ والا ہو وہ چھوٹے گا نہیں۔ جناح ہاؤس پر حملہ کرنے والا جو بھی ہو اس کا پورا ٹرائل ہوگا۔ جناح ہاؤس پر حملہ کرنے والا کوئی چھوٹ سکتا ہے نہ ہم چھوڑیں گے۔ ایک سوال کے جواب میں نگران وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ اس وقت تک عمران خان کی نظر بندی کے حوالے سے کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا۔ ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ خدیجہ شاہ جوڈیشل ریمانڈ پر ہیں اور قانونی کارروائی ہو رہی ہے۔ ہم نے بعض پولیس والوں کے خلاف بھی ایکشن لیا ہے جبکہ دیگر واقعات میں مطلوب خواتین سے نرم رویہ اختیار کیا ہے اور انہیں گرفتار کرنے سے گریز کر رہے ہیں تاہم ان خواتین کو تفتیش کے لئے بلا رہے ہیں اور ریڈ کے لئے بھی لیڈیز پولیس کو ساتھ لے کر جا رہے ہیں۔ نگران وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے بتایا کہ ایک خاتون ایس ایس پی تمام امور کو خود مانیٹر کر رہی ہیں۔ خاتون ایس ایس پی اور ڈپٹی کمشنر آج دوبارہ جیل میں خواتین سے ملنے جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صحافی ہماری ذمہ داری ہیں، جو صحافی کورٹ کے لئے گئے تھے، ہم انہیں فوری چھوڑ رہے ہیں۔ ہماری کوشش ہے کہ صحافیوں کا نام لسٹ میں بھی نہ آئے، صحافی ہماری پہلی ترجیح ہیں۔ قبل ازیں نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے سمن آباد انڈر پاس پراجیکٹ کا دورہ کیا اور تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا۔ کمشنر لاہور ڈویژن/ ڈی جی ایل ڈی محمد علی رندھاوا نے منصوبے پر ہونے والی پیشرفت کے بارے میں بریفنگ دی۔ نگران وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے پراجیکٹ پر کام کی رفتار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ رات گئے بھی عوامی فلاح کے اس منصوبے پر ورکرز کو کام کرتا دیکھ کر خوشی ہوئی۔ محسن نقوی نے 15 جون تک سمن آباد انڈر پاس کو ٹریفک کے لئے کھولنے کا ٹاسک دیتے ہوئے ہدایت کی کہ منصوبے پر دن رات کام جاری رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ 5 ماہ سے منصوبہ سست روی کا شکار تھا۔ اب اس منصوبے پر کام تیز ہوا ہے۔ صوبائی وزیر اطلاعات عامر میر، سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ، چیف انجینئر ایل ڈی اے اور متعلقہ حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 18

نے معاونین کی تعیناتی سے متعلق رولز آف بزنس کو بھی چیلنج کیا تھا، جس پر جسٹس عائشہ ملک نے کہا کہ یہ معاملہ سپریم کورٹ پہلے ہی طے کر چکی ہے۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ آپ کا اس بنیاد پر اعتراض مسترد کیا جاتا ہے۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے درخواست گزار کے وکیل کو گڈ ٹو سی یو کہہ کر درخواست نمٹا دی۔ واضح رہے کہ فرخ نواز بھٹی نے عمران خان دور میں معاونین خصوصی کی تعیناتی چیلنج کی تھی

بقیہ 19

کا کچم 3 ٹریلین ڈالر تک پہنچ چکی ہے، گزشتہ دس برسوں میں پاکستان میں اسلامک بینکنگ میں 24 فیصد اضافہ ہوا۔ گورنر اسٹیٹ بینک نے کہا کہ 2027 تک ملکی معیشت کو سود سے پاک کرنا ہے، پاکستان نے 2.8 ٹریلین روپے کے اسلامک سکوک بانڈز کا اجرا کر رکھا ہے، حکومتی قرض کو اسلامک سکوک میں تبدیل کرنے کیلئے اسٹیٹ بینک میں کمیٹی قائم کی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کیپیٹل مارکیٹ سے شریعہ کمپلائنس کے ذریعے فنڈنگ پر بات چیت جاری ہے، اسکوک اجرا کے ذریعے حکومت کے مالیاتی ضروریات کو بھی پورا کیا جاسکتا ہے۔ جمیل احمد کا کہنا تھا کہ اسلامک بینکنگ مارکیٹ گزشتہ دس سالوں سے 24 فیصد سے ترقی کر رہی ہے اور بینکنگ سیکٹر میں اس کا حصہ 20 فیصد تک پہنچ چکا ہے

بقیہ 20

شاخ) مرید مائنر (پر دھرنا دے کر مین روڈ بلاک کر دیا جس سے منٹھی کا میر پور خاص سے رابطہ منقطع ہوگیا دھرنے کی قیادت سلیم کلوئی، علی نواز درس، رسول بخش رمدان، غازی مہر، علی سموں اور دیگر نے کی اس موقع پر کاشتکار رہنماں کا کہنا تھا کہ منکلہ۔ ایریگیشن ڈگری کی نااہلی کی وجہ سے ٹیل کے کاشتکار خشک سالی کا سامنا کر رہے ہیں ہماری فصلیں سوکھ رہی ہیں جبکہ اب تو پینے کا پانی بھی نہیں مل رہا جس سے مرید شاخ کے ٹیل پر واقع دیہاتوں کی رہائشیوں سمیت مویشی بھی پریشان ہیں محکمہ ایریگیشن کی جانب سے پانی کی غیر منصفانہ تقسیم کی وجہ سے پانی کا بحران پیدا ہوا ہے 21 روزہ وارہ بندی کے بعد جو پانی آتا ہے وہ ٹیل تک پہنچ ہی نہیں پاتا کاشتکاروں نے وزیر اعلیٰ سندھ اور دیگر متعلقہ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے اور ٹیل تک پانی پہنچانے کے اقدامات کا مطالبہ کیا ہے دریں دھرنے میں کاشتکاروں سے یکجہتی کے لیے سندھ آباد گار اتحاد کے ضلعی صدر چوہدری سیف اللہ گل اور دیگر رہنما بھی شریک ہوئے اور انہوں نے کاشتکاروں کے مطالبے کو جائز قرار دیا دھرنے کی وجہ سے دونوں طرف ٹریفک کی لمبی لائینیں لگ گئیں .بعد ازاں محکمہ. ایریگیشن کے ایس ڈی او نے کاشتکار مظاہرین سے مزاکرات کیے اور انکے مطالبات پر عمل کی یقین دہانی. کروائی جس پر مظاہرین نے دھرنا ختم کر دیا اور پرامن منتشر ہوگئے

بقیہ 21

دوران کارروائی موٹر سائیکل چور گینگ کے 2 مرکزی ملزمان کو دھر لیا گیا جنکے قبضے سے 5 موٹر سائیکلیں 1 لاکھ روپے نقدی برآمد کر کے اصل مالکان کے حوالے کردی گئی ہیں گرفتار ملزمان ریکارڈ یافتہ چور ہیں جو عرصہ دراز سے شہر کے مختلف علاقوں میں موٹر سائیکل چوری کی وارداتیں کر رہے تھے تفتیش کا دائرہ کار مکمل ہونے کے بعد ملزمان کو شیخوپورہ جیل منتقل کر دیا جائے گا۔

بقیہ 22

رپورٹس کے مطابق کامران بنگش، تیمور سلیم جھگڑا اور مشتاق غنی کی گرفتاری کیلئے پولیس ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں۔ پولیس نے اسلام آباد میں فضل الٰہی کے فارم پر چھاپہ مارا اور رشتہ داروں سے پوچھ گچھ کی۔ سابق ایم این اے ارباب شیر علی کے گھر بھی چھاپہ مارا گیا۔ یاد رہے کہ 9 مئی کے واقعات پر پی ٹی آئی کے کئی رہنما جیل میں قید ہیں، کچھ روپوش اور کئی پی ٹی آئی رہنما پارٹی کو چھوڑ چکے ہیں۔ پارٹی چھوڑنے والوں میں فواد چوہدری، شیریں مزاری، عمران خان اسماعیل، علی زیدی اور فیاض الحسن چوہان سمیت دیگر رہنما شامل ہیں۔ جبکہ سابق وفاقی وزیر پرویز خٹک نے کہا کہ سابق وزیر اعظم عمران خان نے کہا کہ تحریک انصاف نہ چھوڑنے کا اعلان کیا۔ اسد عمر ایف آئی آر میں درج کسی بھی معاملے میں ملوث نہیں۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ لاہور میں درج مقدمے میں متعلقہ عدالت میں پیش ہونا ہے، عدالت دو ہفتوں کیلئے راہداری ضمانت منظور کرے۔ یاد رہے کہ اسد عمر کیخلاف تھانہ گلبرگ لاہور میں دہشت گردی کا مقدمہ درج ہے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل اسلام آباد ہائی کورٹ نے اسد عمر کی دو دن کیلئے حفاظتی ضمانت بھی منظور کی تھی۔ اسلام ہائیکورٹ کی جانب سے رہائی کا تحریری حکمنامہ جاری کر دیا گیا۔ جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے حکمنامہ جاری کیا۔ حکمنامہ میں کہا گیا ہکہ اسد عمر کی جانب سے ان کی وکیل نے بیان حلفی جمع کروایا۔ یقین دہانی کروائی گئی کہ اسد عمر دفعہ 144 کی خلاف ورزی نہیں کریں گے۔ یقین دہانی کیمطابق اسد عمر 144 کی خلاف ورزی میں اپنی جماعت کے کسی جلوس میں شامل نہیں ہوں گے۔ حکمنامے میں کہا گیا کہ اسد عمر نے بیان حلفی کہ خلاف ورزی کی تو توہین عدالت کی کارروائی ہوگی، اسد عمر کی ٹویٹس تشدد پر اکسانے والی نہیں تھیں، اسد عمر کی نظر بندی کا آرڈر کالعدم قرار دیا جاتا ہے، اسد عمر کو رہا کیا جائے۔ یہ یہاں بھی واضح رہے کہ پی ٹی آئی کے جن 10 رہنماؤں کے ڈپلومیٹک پاسپورٹ منسوخ کئے گئے تھے ان میں اسد عمر بھی شامل تھے، ڈی جی امیگریشن اینڈ پاسپورٹ نے 10 سیاسی افراد کے سفارتی پاسپورٹ منسوخ کرتے ہوئے نوٹیفکیشن بھی جاری کیا۔

بقیہ 23

گرفتار کرلیا، پٹرولنگ پوسٹ قائداعظم کالونی سے شکیل آفتاب ایس آئی نے بابر ولد نذیر سے 30 بور پسٹل، چک میو پوسٹ سے منصور احمد اے ایس آئی نے نیاز محمد ولد سرمد سے 30 بور پسٹل، جبکہ چوک پنڈوری پوسٹ سے محمد رضوان اے ایس آئی نے ایاز احمد ولد امتیاز سے ایس ای جی رائفل کی 240 گولیاں برآمد کر کے مقدمات کا اندراج کروایا۔ بحریہ ٹان پوسٹ سے عمران خالق اے ایس آئی نے ہنڈا موٹر سائیکل نمبر MBK.1806 چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کر کے ملزم علی حسن کے خلاف تھانہ روات مقدمہ درج کروایا۔ ڈھرنال پوسٹ سے کوثر ممتاز ایس آئی نے آٹا اسمگل کرنے والے 02 ٹرک 730 توڑے آٹا برآمد کر کے برائے کارروائی فوڈ انسپکٹر فتح جنگ محمد ادریس کے حوالے کیے۔ بھون پوسٹ سے شیراز احمد ایس آئی نے ڈکیتی کے 08 مقدمات میں عدالتی مفرور شاہ نواز ولد اسلم کو تھانہ صدر چکوال میں پابند سلاسل کیا۔ قائداعظم کالونی سے شکیل آفتاب ایس آئی نے چیک ڈس آنر کے مقدمات میں پولیس کو مطلوب دو اشتہاریوں ساجد حسن، تصدق حسین کو تھانہ دھمیال میں پابند سلاسل کیا جبکہ متھیال پوسٹ سے نوید ڈیشان اے ایس آئی نے غلام قاسم ولد غلام محمد کو تھانہ صدر پابند سلاسل کیا۔

بقیہ 24

کے لیے جینے کا جذبہ پیدا کرتا ہے۔ سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام چلنے والے ادارے کے آپریٹر شفیع محمد درس کا کہنا تھا کہ ہمارے اسکول میں بچوں کو مفت تعلیم دی جاتی ہے کسی بچے سے کسی مد میں کوئی فیس نہیں لی جاتی۔ ہمارا معاشرہ تعلیم کے بغیر نامکمل ہے اس طرح کے پروگرامز سے بچوں میں تعلیم کی محبت بڑھتی ہے۔ بچوں میں ہانیہ سوہیل، شافیہ شاہنواز، سندس نور، حسان ناصر، خدیجہ و دیگر طالب علموں نے تعلیم اور معاشری کے حوالے سے برجاند شرما سے سوالات بھی کیے۔ برجاند شرما بچوں کی قابلیت اور اعتماد کو سراہا۔

بقیہ 25

کے پہلے چالیس آرٹیکلز جو عوام کے بنیادی حقوق کی فراہمی کی ضمانت دیتے ہیں عملی طور پر معطل ہیں جبکہ وہ آرٹیکلز جن کا تعلق مقتدر طبقات کے اختیارات سے ہے ان کو مقدس بنا دیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ضلعی سیکرٹریٹ البلال پلازہ چاندنی چوک میں منعقدہ ایک اہم نظیمی کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں شہر بھر سے ذیلی تنظیمات کا عہدیدار شریک ہوئے۔ شرکاء سے پاکستان عوامی تحریک راولپنڈی کے صدر غلام علی خان نے کہا کہ ڈاکٹر طاہر القادری کا موقف تھا کہ سو انتخابات کروالیں، نظام بدلے بغیر اس ملک میں کوئی مثبت تبدیلی نہیں آسکتی جبکہ عمران خان نظام کے اندر رہتے تبدیلی لانا چاہتے تھے، ہماری صلاح ہے کہ تمام محب وطن جماعتیں اور طبقات انتخابات کی بجائے نظام بدلنے کیلئے جدوجہد کریں۔ اس موقع پر پاکستان عوامی تحریک راولپنڈی کے آرگنائزر سردار نسیم انجم، پی پی 06 کے راہنماء امجد ارباب عباسی، پی پی 17 کے صدر سہیل چوہدری، پی پی 14 کے صدر حاجی ظہیر الزمان، پی پی 13 کے صدر راجہ عاصم اور تحریک منہاج القرآن راولپنڈی کے صدر انار خان گوندل نے خطاب کیا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ سیاسی اور معاشی ابتری کے اس ماحول میں ڈاکٹر طاہر القادری کی علم، امن اور محبت پر مبنی فکر عام کرنے اور قوم میں اتحاد و یکجہتی پیدا کرنے کیلئے جدوجہد کو مزید تیز کیا جائے گا۔

بقیہ 26

ہ

صدر نے دستخط نہ کیے، نیب ترمیمی بل 2023 قانون بن گیا

نئے قانون کے مطابق چیئرمین نیب احتساب عدالت کو کسی بھی کیس کے حوالے سے اپنے موقف سے آگاہ کرے

اجلاس میں ترمیمی بل پاس ہوا تھا، نئے قانون کے تحت نیب چیئرمین دائرہ اختیار میں نہ آنے والے کیسز متعلقہ اداروں کو بھجوا سکے گا

اسلام آباد (خبر نگار) نیب ترمیمی بل 2023 باقاعدہ قانون بن گیا، صدر نے بل پر دوسری بار بھی دستخط سے انکار کر دیا تھا، دس دن بعد بل خود قانون بن کر نافذ العمل ہو گیا۔ پندرہ مئی کو پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں ترمیمی بل پاس ہوا تھا، نئے قانون کے تحت نیب چیئرمین دائرہ اختیار میں نہ آنے والے کیسز متعلقہ اداروں کو بھجوا سکے گا، چیئرمین نیب ٹھوس شواہد نہ ہونے پر انکوائری بند کر سکے گا۔ نئے قانون کے مطابق چیئرمین نیب احتساب عدالت کو کسی بھی کیس کے حوالے سے اپنے موقف سے آگاہ کرے گا، چیئرمین کی عدم موجودگی میں ڈپٹی چیئرمین قائم مقام چیئرمین ہوگا، ڈپٹی چیئرمین نہ ہونے پر وفاقی حکومت کسی بھی سینئر نیب افسر کو قائم مقام چیئرمین مقرر کر سکے گی۔ چیئرمین نیب ٹھوس شواہد نہ ہونے پر انکوائری بند کر سکے گا۔ نئے قانون کے مطابق بج (بقیہ نمبر 3 2)



کراچی: ناصر حسین شاہ نے عمران خان کی سیاست کو ٹائی ٹینک جہاز کی تباہی سے جوڑ دیا

ملکی معیشت تباہی کی گہری کھائی میں گرتی جا رہی ہے، عمران خان

قانون کی حکمرانی کو پوری طرح پس پشت ڈالتے ہوئے فسطائی حکومت نے جنرل مشرف کے مارشل لا کو بھی پیچھے چھوڑ دیا

اوپن مارکیٹ میں ڈالر 315 روپے میں فروخت ہو رہا ہے جبکہ شناختی کارڈ نہ رکھنے والوں کیلئے تو یہ 320 سے 325 روپے میں دستیاب ہے

لاہور (جنرل رپورٹر) چیئرمین تحریک انصاف عمران خان نے کہا ہے کہ قانون کی حکمرانی کو پوری طرح پس پشت ڈالتے ہوئے فسطائی حکومت نے جنرل مشرف کے مارشل لا کو بھی پیچھے چھوڑ دیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں سابق وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ یہ فسطائی حکومت تحریک انصاف کو کچلنے کے یک نکاتی ایجنڈے پر کاربند ہے، اس دوران ملکی معیشت اوندھے منہ تباہی کی گہری کھائی میں گرتی جا رہی ہے، اوپن مارکیٹ میں ڈالر 315 روپے میں فروخت ہو رہا ہے جبکہ شناختی کارڈ نہ رکھنے والوں کیلئے تو یہ 320 سے 325 روپے میں دستیاب ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے کہا کہ سرکاری اور اوپن مارکیٹ کے نرخ میں 30 روپے فی ڈالر کا فرق ہے، معیشت میں ڈالرز کی ذخیرہ اندوزی اروپے کے مقابلے میں (بقیہ نمبر 5 3)

کراچی: میئر کراچی کا انتخاب 15 جون کو شو آف ہینڈ سے ہوگا

آئی جی پنجاب آفس لاہور میں یوم شہدا و غازیاں کی پروقار تقریب

تقریب میں راولپنڈی ریجن کے 25 شہدا فیملی اور 25 غازیوں کی شرکت

شہدا اور غازیوں کی ویلفیئر کے لیے مزید اقدامات اٹھائے جائیں گے، آئی جی پنجاب

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) آئی جی پنجاب آفس لاہور میں یوم شہدا و غازیاں کی پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں راولپنڈی ریجن کے 25 شہدا فیملی اور 25 غازیوں نے شرکت کی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے شہدا اور غازیوں کی خدمات کو سراہا شہدا کے ورثا کو گولڈ میڈل اور غازیوں کو پولیس سلور میڈل دیئے راولپنڈی ضلع سے ASI غازی مبشر وسیم اور سرفراز Asi عامر محمود ہیڈ کانسٹیبل وغیرہ نے شرکت کی اور آئی جی صاحب سے پولیس سلور میڈل حاصل کیے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان (بقیہ نمبر 3 3)

راولپنڈی: انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور دوران تقریب شہدا و غازیاں راولپنڈی پولیس کے ASI غازی مبشر وسیم کو غازی سلور میڈل پولیس دے رہے ہیں

9 مئی کے واقعات کو دیکھ بہت رنجیدہ ہوئے

رویہ دہشتگردوں کے خلاف امتیاز کرتے ہیں وہ رویہ ملک کے غداروں کے خلاف رکھیں

جناح ہاؤس کے ساتھ ساتھ مسجد کی بھی بے حرمتی کی گئی، وزیر داخلہ بلوچستان

لاہور (جنرل رپورٹر) وزیر داخلہ بلوچستان نے کہا ہے کہ 9 مئی کے واقعات کو دیکھ بہت رنجیدہ ہوئے، جناح ہاؤس کے ساتھ ساتھ مسجد کی بھی بے حرمتی کی گئی اگر جنگ کی حالت میں عبادت گاہیں محفوظ ہوتی ہیں، افسوس ہے کہ ہمارے اپنے لوگوں نے عبادت گاہوں کی بے حرمتی کی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پنجاب کے لوگوں کو پیغام دینا چاہتا ہوں کہ بلوچستان میں ان لوگوں کے خلاف آپریشن اور کارروائیاں کر رہے ہیں جنہوں نے قائداعظم ہاؤس کو نظر آتش کیا، ایسے لوگوں کو (بقیہ نمبر 3 4)

سیکیورٹی گارڈ نے جان دیکر ڈکیتی کی کوشش ناکام بنادی

کوئی لوٹ مار نہیں ہوئی، فرار ہونیوالے ملزمان کو سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے تلاش کر رہے ہیں

فیصل آباد (کرائم رپورٹر) فیصل آباد میں سیکیورٹی گارڈ نے نجی فیکٹری میں ڈکیتی کی کوشش ناکام بنادی، ڈاکوؤں سے مزاحمت کے دوران گولی لگنے سے جاں بحق ہوگیا۔ فیصل آباد کے علاقے جھمرہ روڈ پر نجی فیکٹری میں ڈاکوں نے مزاحمت سیکیورٹی گارڈ کو قتل کر دیا، پولیس نے لاش تحویل میں لے کر اسپتال منتقل کر دی۔ ساتھی ورکرز کا کہنا ہے کہ دو ڈاکو فیکٹر میں گھسے تو محمد اختر نے ایک کو دبوچ لیا، اس دوران مزاحمت پر ڈاکوں نے فائرنگ کر دی، گولیاں لگنے سے سیکیورٹی گارڈ جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ نجی (بقیہ نمبر 3 6)

سندھ ہائیکورٹ کا پی ٹی آئی کے نظر بند 40 کارکنان کو رہا کرنے کا حکم

کراچی (نیوز رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کے نظر بند 40 افراد کو رہا کرنے کا حکم دے دیا۔ سندھ ہائی کورٹ سے تحریک انصاف کے 40 کارکنان کو بڑا ریلیف مل گیا، کیوں کہ عدالت نے انہیں رہا کرنے کا حکم دے دیا ہے۔ ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل سندھ نے عدالت سے کہا کہ ملزمان کی ضمانت کی درخواستیں (بقیہ نمبر 3 7)

ویسٹ تلف کرنے کے نام پر کباڑ خانوں میں فروخت کرنے کا دھندہ تھم نہ سکا

اس مبینہ کاروبار میں ہسپتالوں کے عملے سمیت بڑے گروپوں کے ملوث ہونے کا انکشاف

اسٹیشن کمانڈر نے چند دن قبل گھنانے فعل میں مرتکب پائے جانے والے مختلف کباڑ خانوں کو سیل کیا گیا

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) سرکاری و نیم سرکاری ہسپتالوں سے ویسٹ تلف کرنے کے نام پر کباڑ خانوں میں فروخت کرنے کا دھندہ تھم نہ سکا۔ اس مبینہ کاروبار میں ہسپتالوں کے عملے سمیت بڑے گروپوں کے ملوث ہونے کا انکشاف ہوا ہے جبکہ اسٹیشن کمانڈر نے چند دن قبل گھنانے فعل میں مرتکب پائے جانے والے مختلف تین سے چار کباڑ خانوں کو سیل بھی کیا ہے جس کے باوجود دھندہ بغیر خوف وخطر جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی میں روزانہ کئی ٹن ہسپتالوں کی ویسٹ کو رولز کے مطابق تلف کرنے کے بجائے مافیا کو فروخت کر کے انسانی جانوں سے کھیلنے کا کاروبار کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق فوجی فاؤنڈیشن، ایم ایچ، سی ایم ایچ، ریلوے ہسپتال، بحریہ ہسپتال سے ویسٹ کی گاڑیاں تلف کرنے کے نام پر لوڈ کر کے راولپنڈی کے مختلف کباڑ کارخانوں میں یہ رسک ویسٹ ہزاروں روپے میں فروخت کی کا رہی ہیں۔ جہاں اس ویسٹ کو کرش کر کے اس پلاسٹک دانہ کو مختلف پلاسٹک بنانے والی فیکٹر (بقیہ نمبر 3 8)

پی ٹی آئی نے پنجاب میں بلدیاتی الیکشن کی تیاریوں کیلیے کمیٹی تشکیل دیدی

لاہور (جنرل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کی تیاریوں کے لیے کمیٹی تشکیل دے دی۔ پی ٹی آئی کے مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق سابق اسپیکر پنجاب اسمبلی سبطین خان کو کمیٹی کا چیئرمین مقرر کیا گیا ہے جب کہ ہمایوں اختر سمیت ریاض فتیانہ، رائے عزیز اللہ، فیصل (بقیہ نمبر 3 9)

اتحاد فیلڈ ورکرز سٹاف یونین کی جانب سے پروقار تقریب کا انعقاد

یونین ملازمین کی فلاح و بہبود اور مسائل حل کروانے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ علی طارق

لاہور (خصوصی رپورٹر) اتحاد فیلڈ ورکرز سٹاف یونین کی جانب سے پروقار تقریب کا انعقاد، یونین ملازمین کی فلاح و بہبود اور مسائل حل کروانے کی صلاحیت رکھتی ہے ہمارے محنتی ورکرز ادارے کا قیمتی اثاثہ ہیں انکی آواز اٹھاتے رہے گے۔ ملازمین کیساتھ شفقت سے کام لیا جائے، کوئی ایسا سلوک نا ملازمین کیساتھ کیا جائے کہ یہ پریشان ہوں، ان خیالات کا اظہار صدر اتحاد فیلڈ ورکرز سٹاف یونین علی طارق نے تقریب میں شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب میں چیئرمین نوید بھٹی، داؤس (بقیہ نمبر 40)

چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو سارہ احمد کی ہدایت پر گداگری کے خاتمے کیلئے ریسکیو آپریشن جاری

لاہور (نیوز رپورٹر چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر سارہ احمد نے کہا ہے کہ انسداد گداگری مہم کے تحت ریسکیو ٹیموں کی جانب سے روزانہ کی بنیاد لاہور سمیت پنجاب بھر میں ریسکیو آپریشن کئے جا رہے ہیں۔ اس کے علاوہ گزشتہ ہفتے کے دوران 212 بھکاری بچوں کو ریسکیو کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو کے ضلعی دفاتر میں ریسکیو ٹیم کی جانب سے روزانہ کی بنیاد پر ریسکیو آپریشن کئے جا رہے ہیں۔ سارہ احمد نے کہا ہے کہ بھکاری بچوں کے بارے میں شکایات (بقیہ نمبر 4 2)

راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کیخلاف کارروائیاں جاری

08 ملزمان گرفتار، چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج، راولپنڈی پولیس

شراب سپلائرز کے خلاف جاری کارروائیوں میں تیزی لائی جائے گی، عامر خان نیازی

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائیاں جاری، 08 ملزمان گرفتار، چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے ملزم ایاز سے 560 گرام چرس، بنی پولیس نے ملزم سردار گل سے 01 کلو 460 گرام چرس، سول لائنز پولیس نے ملزم حنان سے 260 گرام چرس، صدر واہ پولیس نے ملزم شہاب سے 530 گرام چرس، نیوٹاؤن پولیس نے ملزمان داؤد اور فیصل سے 10 لیٹر شراب، صادق آباد پولیس نے ملزم احمد شاہ سے 05 لیٹر شراب، مندرہ پولیس نے ملزم وقار سے 01 بوتل شراب اور 04 ٹن شراب برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف جاری کارروائیوں میں تیزی لائی جائے گی۔ مندرہ پولیس نے ملزم وقار سے 01 بوتل شراب اور 04 ٹن شراب (بقیہ نمبر 4 1)

PPP کی قیادت بہادر عمران خان جیل جانے سے ڈرتے ہیں، فیصل کریم کنڈی

وزیر مملکت فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ اسد عمر پیپلز پارٹی سے پی ٹی آئی کا موازنہ کر کے سیاسی تاریخ مسخ نہ کریں

9 مئی کے واقعات کی خالی مذمت کرنا منافقت اور مگرمچھ کے آنسو ہیں، اسد عمر دو دن جیل گئے اور پی ٹی آئی کے تمام عہدے چھوڑ دیئے

اسلام آباد: چین زرعی ترقی کیلئے پاکستان کیساتھ تعاون اور ماسٹر پلان شیئر کرے، مرزا محمد آفریدی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پیپلز پارٹی کے ترجمان فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے لوگ جیل سے نکلتے ہیں تو انہیں باہر پریس کلب کی آوازیں سنائی دیتی ہیں۔ اسد عمر کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے وزیر مملکت فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ اسد عمر پیپلز پارٹی سے پی ٹی آئی کا موازنہ کر کے سیاسی تاریخ مسخ نہ کریں، محترمہ بینظیر بھٹو شہید اور بیگم نصرت بھٹو نے جو مشکلات برداشت کیں کسی اور نے نہیں کیں، پیپلز پارٹی کی قیادت شان سے مقتل گاہ گئی عمران خان تو جیل جانے سے ڈرتے ہیں۔ ترجمان پیپلز پارٹی فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ جیالے جئے بھٹو کا نعرہ لگاتے ہوئے جیل جاتے (بقیہ نمبر 4 5)

9 مئی واقعات پی ٹی آئی کے 40 کارکنوں پر مقدمات سے دہشتگردی کی دفعات ختم

لاہور (خصوصی رپورٹر) 9 مئی کو ہونے والے واقعات کے تناظر میں پی ٹی آئی کے 40 کارکنوں پر درج مقدمات سے دہشت گردی کی دفعات ختم کر دی گئیں۔ انسداد دہشت گردی عدالت میں عمران خان کی گرفتاری کے بعد جلاؤ گھیراؤ اور املاک کو نقصان پہنچانے کے کیس کی سماعت ہوئی، جس میں قصور کے تھانہ کھڈیاں میں درج مقدمے میں پی ٹی آئی کے 40 کارکنوں کی درخواست (بقیہ نمبر 4 4)

پھل کی مکھی کے کنٹرول کیلئے باغبان فیرومون ٹریپس کا استعمال کریں: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور (نیوز رپورٹر) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے بتایا ہے کہ پھل کی مکھی کے میزبان پودوں میں امرود، آم، لوکاٹ، جامن، ترشاوہ اور آرڑو وغیرہ شامل ہیں۔ پھل کی مکھی اپنی افزائش نسل پھل کے اندر ہی رہ کر کرتی ہے اور بڑی ہو کر پھل سے زمین میں داخل ہو جاتی ہے اور پیوپے کی شکل میں زمین میں رہتی ہے پھر خول اتار کر پروانے کی صورت میں زمین سے باہر آ کر نر اور مادہ ملاپ کرتے ہیں (بقیہ نمبر 43)

راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں

06 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن اور گولیاں برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں، 06 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن اور گولیاں برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس نے ملزم عاطف سے 300 رند پسٹل 30 بور، صادق آباد پولیس نے ملزم احمد شاہ سے 01 پستول 09 ایم ایم معہ ایمونیشن، ریس کورس پولیس نے ملزم ذیشان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ایئرپورٹ پولیس نے ملزم عثمان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم عثمان علی سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، کلر سیداں پولیس نے ملزم ایاز احمد سے 02 رند کلاشنکوف برآمد (بقیہ نمبر 4 8)

سابق صدر پاکستان فضل الٰہی چوہدری کی 41 ویں برسی یکم جون کو منائی جائیگی

فضل الٰہی چوہدری پنجاب کے شہر کھاریاں میں پیدا ہوئے وہ ملک کے ایک ممتاز سیاستدان تھے

لاہور (جنرل رپورٹر) پاکستان کے سابق صدر فضل الٰہی چوہدری کی 41 ویں برسی یکم جون کو منائی جائے گی وہ 14 اگست 1973ء سی 16 ستمبر 1978ء تک پاکستان کے صدر رہے۔ فضل الٰہی چوہدری پنجاب کے شہر کھاریاں میں پیدا ہوئے وہ ملک کے ایک ممتاز سیاستدان تھے وہ پاکستان کی قومی اسمبلی کے اسپیکر بھی رہ چکے تھے فضل الٰہی چوہدری 1973ء کے آئین کے تحت پاکستان کے صدر بنے وہ 1973ء سے 1978ء تک پاکستان کے صدر رہے جبکہ جنرل ضیاء الحق کی جانب سے حکومت کا تختہ الٹے جانے کے بعد وہ اپنے عہدے سے مستعفی ہو گئے تھے۔ فضل الٰہی چوہدری یکم جون 1982ء کو انتقال کر گئے تھے۔ وہ ملک کے ایک ممتاز سیاستدان تھے وہ پاکستان کی قومی اسمبلی کے اسپیکر بھی رہ چکے تھے فضل الٰہی چوہدری 1973ء کے آئین کے تحت پاکستان کے صدر بنے وہ 1973ء سے 1978ء تک پاکستان کے صدر رہے جبکہ جنرل ضیاء الحق کی جانب سے حکومت کا تختہ ا (بقیہ نمبر 50)

پی ٹی آئی سینیٹرز نے 9 مئی کے واقعات سے لاتعلقی کا اظہار کر دیا

9 مئی کے واقعات کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں، سینیٹرز کا مطالبہ

پارٹی اور سینیٹرز کی جانب سے 9 مئی کے واقعات پر جتنی مذمت کروں کم ہے، فلک ناز

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) پی ٹی آئی سینیٹرز نے 9 مئی کے واقعات سے لاتعلقی کا اظہار کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق پی ٹی آئی کے سینیٹرز نے پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کی۔ سینیٹر فیصل سلیم نے کہا کہ ہم نے ایوان بالا میں ایک قرارداد جمع کرائی ہے، 9 مئی کو ہونے والے واقعات کی مذمت کی ہے۔ دفاعی تنصیبات کو نقصان پہنچا ہے، ہم شرمندہ ہیں۔ ہمایوں محمد کا کہنا تھا کہ پی ڈی ایم کے لوگ فوج کیلئے مگرمچھ کے آنسو بہا رہے ہیں، ان کے دل دکھتے تو میمو گیٹ اور ڈان لیکس اسکینڈل نہ ہوتے۔ پاکستان ایک چھا سمت میں چلا جائے گا اور اچھا وقت ضرور آئے گا۔ سیمی ایزدی نے کہا کہ 9 مئی کے واقعات کی پرزور مذمت کرتے ہیں، انہوں نے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ 9 مئی کے واقعات کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں جبکہ فلک ناز نے کہا کہ پارٹی اور سینیٹرز کی جانب سے 9 مئی کے واقعات پر جتنی مذمت کروں کم ہے، سب سے پہلے پاکستان اور پاک فوج ہے اس کے بعد پارٹی ہے۔ واضح رہے کہ اس سے پہلے اپوزیشن لیڈر سینیٹر شہزاد وسیم نے تو مئی کو پیش آنے والے واقعات کی سخت مذمت کرتے ہوئے ملوث افراد کو قانون کے کٹہرے میں لانے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں تحریک انصاف کا سینیٹر اور اپوزیشن (بقیہ نمبر 5 4)

نیگلیریا نے خاتون سمیت مزید 2 افراد جان لے لی

کراچی میں دماغ کو کھا جانیوالے امیبا نیگلیریا مزید دو افراد جانیں نگل گیا

کراچی (جنرل رپورٹر) کراچی میں ایک ہفتے کے دوران نگلیریا نے خاتون سمیت مزید 2 افراد کی جان لے لی۔ کراچی میں دماغ کو کھا جانیوالے امیبا نیگلیریا مزید دو افراد جانیں نگل گیا، مرنیوالوں میں ایک خاتون بھی شامل ہے۔ ڈائریکٹر محکمہ صحت سندھ کے مطابق ایک ہفتے میں مزید دو افراد نیگلیریا کے باعث انتقال کر گئے، مرنیوالوں میں قیوم آباد کی 32 سالہ گلشن بیگم اور سرجانی (بقیہ نمبر 4 6)

جموں کشمیر مسئلہ کے پائدار اور منصفانہ حل کے لیے جموں کشمیر کو لیڈنگ رول دیا جائے: قیوم راجہ

سیری (نیوز رپورٹر) جموں کشمیر پبلک ڈپلومیسی کے سربراہ قیوم راجہ نے جی 20 اجلاس کا بائیکاٹ کرنے والے ممالک کے سفیروں کے نام ایک خط میں شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 47)

جیل میں خواتین سے زیادتی کے الزامات پر ایس ایس پی انویسٹی گیشن لاہور کا ردِعمل

لاہور (خبر نگار) سینئر سپرنٹنڈنٹ پولیس انویسٹی گیشن لاہور ڈاکٹر انوش مسعود نے پولیس اسٹیشن میں خواتین سے بدسلوکی کے الزامات مسترد کر دیئے۔ انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خواتین پولیس اسٹیشنز میں تمام اسٹاف فی میل ہوتا ہے۔ خواتین کے ساتھ نازیبا سلوک کی جھوٹی خبریں پھیلائی جا رہی ہیں۔ ایس (بقیہ نمبر 4 9)

سوات: 200 پی ٹی آئی قائدین و کارکنان کیخلاف دہشت گردی کا مقدمہ درج

محسن نقوی کی زیر صدارت اجلاس ایکسائز لوڈ مینجمنٹ کیلئے موٹر وہیکل قوانین میں ترامیم لانے کا فیصلہ

گڈز ٹرانسپورٹ ایجنسی کیلئے بھی رولز میں تبدیلی ہوگی، پی آئی ٹی بورڈ نے ایکسائز لوڈ مینجمنٹ کیلئے رجسٹریشن پورٹل بنا لیا

پنجاب کی 15 بڑی روڈز پر پہلے مرحلے میں 38 وے برج قائم ہونگے، ہر گاڑی اور اس کے لوڈ کی آٹو میٹک رجسٹریشن ہوگی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی زیر صدارت وزیر اعلیٰ آفس میں اجلاس منعقد ہوا جس میں ایکسائز لوڈ مینجمنٹ اینڈ موٹر وہیکل انسپکشن اینڈ سرٹیفکیشن سسٹم کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایکسائز لوڈ مینجمنٹ یقینی بنانے کیلئے موٹر وہیکل قوانین میں ترامیم لانے کا فیصلہ کیا گیا۔ گڈز ٹرانسپورٹ ایجنسی کیلئے بھی رولز میں تبدیلی کی جائے گی۔ اجلاس کے دوران بتایا گیا کہ پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ نے ایکسائز لوڈ مینجمنٹ کیلئے رجسٹریشن پورٹل بنا لیا۔ پورٹل پر رجسٹریشن کے بعد فیکٹری سے نکلنے والی مال بردار گاڑی کا وزن پنجاب ہائی وے پولیس، ٹریفک پولیس اور آر ٹی اے کے پاس پہنچ جائے گا۔ ''الیکٹرانکس وے برج'' پر ہر گاڑی اور اس کے لوڈ کی آٹو میٹک رجسٹریشن ہوگی۔ پنجاب کی 15 بڑی روڈز پر پہلے مرحلے میں 38 وے برج قائم ہوں گے۔ چیف سیکرٹری، انسپکٹر جنرل پولیس، چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ، سیکرٹریز قانون، خزانہ، ٹرانسپورٹ، صنعت، تعمیرات و مواصلات، انفارمیشن، چیئرمین پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ اور متعلقہ حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔ پورٹل پر رجسٹریشن کے بعد فیکٹری سے نکلنے والی مال بردار گاڑی کا وزن پنجاب ہائی وے پولیس، ٹریفک پولیس اور آر ٹی اے کے پاس پہنچ جائے گا۔ ''الیکٹرانکس وے برج'' پر ہر گاڑی اور اس کے لوڈ کی آٹو (بقیہ نمبر 5 1)

لاہور پولیس کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز

کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی پر 51 مقدمات، ناجائز اسلحہ کے 18 مقدمات درج

سخت ایکشن لیا جائیگا، پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے ہمہ وقت الرٹ

لاہو (جنرل رپورٹر) کیپٹل سٹی پولیس آفیسر لاہور بلال صدیق کمیانہ کی ہدایت پر امن وامان کا قیام یقینی بنانے کے لیے پولیس نے شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور قیام امن کیلئے سال رواں میں اب تک 2800 سرچ آپریشنز کیے ہیں۔ آج یہاں جاری ایک بیان میں ترجمان لاہور پولیس نے بتایا کہ دوران سرچ آپریشن 63936 گھروں، 34509 کرایہ داروں اور 262266 افراد کو چیک کیا گیا اور کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی پر مختلف تھانوں میں 511 مقدمات درج کیے گے۔ اس دوران منشیات کے 12 مقدمات اور ناجائز اسلحہ کے 18 مقدمات بھی درج کئے گئے۔ ترجمان نے (بقیہ نمبر 5 2)

صوبائی وزیر صنعت و تجارت کی زیر صدارت اجلاس میں ایکسائز لوڈ مینجمنٹ رجیم کے نفاذ کے امور کا جائزہ لیا گیا

لاہور (جنرل رپورٹر صوبائی وزیر صنعت و تجارت و توانائی ایس ایم تنویر کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ میں اجلاس منعقد ہوا جس میں ایکسائز لوڈ مینجمنٹ رجیم کے نفاذ کے امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اوورلوڈنگ کے حوالے سے ایک ماہ تک بھرپور آگاہی مہم چلانے اور یکم جولائی 2023ء سے ایکسائز لوڈ مینجمنٹ کے نظام کے مکمل نفاذ کا فیصلہ کیا گیا (بقیہ نمبر 5 3)

طاقتور افواج ہی مضبوط ملک کی ضامن ہوتی ہیں؛ راجہ رضوان نصیب

ہمارے جوان سرحدوں پر جاگتے ہیں تو ہم اپنے گھروں میں سکون کی نیند سوتے ہیں

کھوئی رٹہ (جنرل رپورٹر) سابق امیدوار اسمبلی و ممبر مرکزی مجلس عاملہ مسلم کانفرنس برطانیہ راجہ رضوان نصیب نے کہا کہ مسلم کانفرنس کے زیر اہتمام پاک فوج کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے نکالی جانے والی عظیم الشان ریلی افواج پاکستان کے ساتھ محبت کی ایک مثال بن چکی ہے طاقتور افواج ہی مضبوط ملک کی ضامن ہوتی ہیں ہمارے جوان سرحدوں پر جاگتے ہیں تو ہم اپنے گھروں میں سکون کی (بقیہ نمبر 5 9)

رابری اور سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث گینگ کا سرغنہ ساتھی سمیت گرفتار، گنجمنڈی پولیس

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) گنجمنڈی پولیس کی موثر کاروائی، رابری اور سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث گینگ کا سرغنہ ساتھی سمیت گرفتار، لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 5 8)

رابری کی وارداتوں میں ملوث اسامہ گینگ کا سرغنہ 02 ساتھیوں سمیت گرفتار، ٹیکسلا پولیس

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) ٹیکسلا پولیس کی اہم کاروائی، رابری کی وارداتوں میں ملوث اسامہ گینگ کا سرغنہ 02 ساتھیوں سمیت گرفتار، مسروقہ رقم 87000 روپے اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد ہوا۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 6 0)

کراچی: مون سون بارشیں: سندھ حکومت نے ریین ایمرجنسی سینٹر قائم کر دیا

قوانے تحریک انصاف کی کرپشن ناانصافی اور 9 مئی کو دہشت گردی بھی دیکھی، رانا تنویر حسین

ملک وقوم کو ترقی کی اسی شاہراہ پر گامزن کریں گے جہاں 2017 میں محمد نواز شریف چھوڑ کر گئے تھے

ملک وقوم کو ترقی کی اسی شاہراہ پر گامزن کریں گے جہاں 2017 میں محمد نواز شریف چھوڑ کر گئے تھے؛ وفاقی وزیر تعلیم

شیخوپورہ (خبر نگار) وفاقی وزیر تعلیم رانا تنویر حسین کہتے ہیں کہ مسلم لیگ (ن) کی جانب سے شروع کئے گئے منصوبوں کو عمران خان کے دور میں پس پشت ڈال کر ملک وقوم کے اربوں روپے ضائع کئے گئے شیخوپورہ میں موٹروے ایم ٹو پر کوٹ پنڈی داس انٹرچینج کے تعمیراتی کام کا معائنہ کرنے کے بعد انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قوم نے تحریک انصاف کی کرپشن ناانصافی اور 9 مئی کو دہشت گردی بھی دیکھ لی عمرانی فتنے کے اپنی موت آپ مرنے کے بعد اب کرپشن ناانصافی اور دہشت گردی کے خاتمے کا اصل دور شروع ہو چکا ہے ملک وقوم کو ترقی کی اسی شاہراہ پر گامزن کریں گے جہاں 2017 میں محمد نواز شریف چھوڑ کر گئے تھے کوٹ پنڈی داس انٹرچینج کا منصوبہ مسلم لیگ کی حکومت نے شروع کیا تھا مگر کرپٹ ٹولے نے اپنی کرپشن کی جھولی بھرنے کے لئے اس منصوبے کو ختم کر دیا انہوں نے حکام کو انٹرچینج کی تعمیر 1 سال کی بجائے صرف دو ماہ میں مکمل کرنے کی ہدایت کی۔

گرلز اسکول کی ٹینکی میں چھپکلی گر گئی، پانی پینے سے 20 بچوں کی طبیعت خراب

کرک (جنرل رپورٹر) صابر آباد کے علاقے گورنمنٹ ہائی اسکول جندری میں مضر صحت پانی سے 20 بچوں کی حالت غیر ہوگئی۔ ریسکیو حکام کے مطابق ٹینکی میں چھپکلی گر گئی تھی اور بچیوں نے پانی پیتے ہی الٹیاں شروع کر دیں، بچوں کو طبی (بقیہ نمبر 5 5)

راولپنڈی: چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو کی ٹیم کی جانب سے حفاظتی تحویل میں لئے جانے والے بھکاری، لاوارث اور گھر سے بھاگے ہوئے بچے۔

اپریل اور مئی کے دوران 125 عدم توجہی کا شکار بچوں کو حفاظتی تحویل میں لیا

ان بچوں میں سے 61 بچے بھیک مانگتے ہوئے، 22 بچے کاغذ و کچرا اکٹھے کرتے ہوئے

رہائش، خوراک و لباس، تعلیم و ہنر، دینی تعلیم، نفسیاتی و طبی اور تفریحی سہولیات بہم پہنچائیں جا رہی ہیں

راولپنڈی (خبر نگار) چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو راولپنڈی کی ریسکیو آپریشن ٹیم نے اپریل اور مئی کے دوران 125 عدم توجہی کا شکار بچوں کو حفاظتی تحویل میں لیا۔۔۔ حفاظتی تحویل میں لئے جانے والے یہ بچے راولپنڈی شہر کی سڑکوں،